http://dailygawadarbusiness.com.pk
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
ABC Certified
جلد 22 | بدھ 29 جولائی 2026ء | 14 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 25
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

حکومت عوامی فلاح و بہبود کے ایجنڈے پر سنجیدگی سے عمل پیرا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا ایک اہم اجلاس، عوامی فلاح، امن وامان، تعلیم، بلدیاتی نظام، ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی امور سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری

امن و امان کے نظام کو مزید مضبوط اور مؤثر بنانے کے لیے صوبائی کابینہ نے لیویز فورس کے پولیس میں انضمام کے بعد پورے صوبے کو باقاعدہ پولیس ایریا قرار دینے کی منظوری دے دی

محنت کش طبقے کے بچوں کو معیاری تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے چیف منسٹر اسکالرشپ پروگرام کے فیز تھری کی منظوری، ایس پی نبیل احمد بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کا چیف آپریٹنگ آفیسر تعینات

فیصلوں کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، گڈ گورننس کا فروغ، امن وامان کی مزید بہتری، ترقیاتی عمل میں تیزی اور مؤثر انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا ایک اہم اجلاس بدھ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں عوامی فلاح، امن و امان، تعلیم، بلدیاتی نظام، ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی امور سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز میں مختلف واقعات میں شہید ہونے والے سیکیورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں اور سویلین شہداء کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

بلاول کا آزاد کشمیر الیکشن کے نتائج ماننے سے انکار

سیاسی میدان میں شکست ملتی تو قبول کرنے کو تیار ہوں، چوری شدہ رزلٹ تسلیم نہیں

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا، مخالفین نے اقتدار کو ذاتی مفادات، دھاندلی نظام کو مضبوط کرنے کیلئے استعمال کیا، چیئرمین پیپلز پارٹی

انشااللہ 2 اگست کو عوامی مینڈیٹ تیر کے نشان پر مہر لگائے گا، یہ کامیابی صرف ایک سیاسی فتح نہیں، عوام، جمہوریت، کشمیر کے عوام کے حقوق کی جیت ہوگی، کارکنان سے خطاب

مظفر آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے آزاد کشمیر الیکشن کے نتائج ماننے سے انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور کشمیر کا رشتہ محض انتخابی نہیں، تین نسلوں پر محیط تاریخی اور نظریاتی تعلق ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو سے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ایران پر نئی پابندیاں، 8 تیل بردار جہاز اور 10 ادارے نشانے پر

نئی پابندیاں ایران کی توانائی برآمدات اور متعلقہ تجارتی نیٹ ورک پر مزید دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی کا حصہ ہیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹرمپ انتظامیہ نے ایران کے خلاف پابندیوں کے ایک نئے مرحلے کا اعلان کرتے ہوئے 8 تیل بردار جہازوں اور 10 مختلف اداروں کو نئی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر میں دوسرے مرحلے کے انتخابات 2 اگست کو ہوں گے

اسلام آباد/مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کا دوسرا مرحلہ دو اگست کو ہوگا جس میں مظفر آباد ڈویژن (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے کویتی وزیر خارجہ کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، آئی ٹی سمیت دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کویت نے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، آئی ٹی اور (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

پی ٹی آئی اور جے یو آئی کا پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق

اسد قیصر کی سربراہی میں وفد کی مولانا فضل الرحمان سے اہم ملاقات، دونوں جماعتوں نے مل کر چلنے پر اتفاق

پارلیمان کے اندر حکومت کو ٹف ٹائم دیا جائے گا جبکہ آئندہ سیشن میں حکومتی اقدامات پر مشترکہ احتجاج بھی کیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور جمعیت علماء اسلام (ف) میں تعاون کی مشترکہ حکمت عملی طے پا گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی اور جے یو آئی (ف) کا پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق ہوا ہے، پارلیمان کے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

جے یو آئی کا قیام ایک عظیم نظریے کی بنیاد پر عمل میں آیا، مولانا فضل الرحمٰن

جمعیت علمائے اسلام کا فکری و نظریاتی شجرہ قرآن وسنت اور تعلیماتِ رسولؐ سے جڑا ہے

ڈی آئی خان (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کا فکری اور نظریاتی شجرہ رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

کوئی مجھے نہیں بتا سکتا ہمیں کیا فروخت کرنا چاہیے

ٹرمپ نے ترکیے کو ایف 35 طیاروں کی فروخت پر اسرائیل کا اعتراض مسترد کر دیا

ترکیے ہمارا عظیم ساتھی رہا ہے، ترک صدر اردوان نے شام میں بہت اچھا کام کیا، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ترکیے کو ایف 35 طیاروں کی فروخت پر اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا اعتراض مسترد کر دیا۔ امریکی میڈیا کے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

ایران کا سعودی عرب پر میزائل حملوں سے اظہارِ لاتعلقی

تہران (این این آئی) ایک ایرانی فوجی عہدیدار نے سعودی عرب میں اہداف پر داغے گئے میزائلوں سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا۔ غیر ملکی ٹی وی کے مطابق ایک فوجی عہدیدار نے کہا ہے کہ تہران سعودی عرب میں اہداف کو نشانہ بنانے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

حب، سندھ اور بلوچستان پولیس کے اعلیٰ افسران کے کوآرڈینیشن اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی آئی جی ساؤتھ ڈی آئی جی ویسٹ و دیگر شریک ہیں

دسمبر تک وطن واپسی کیلئے پرعزم ہوں، شیخ حسینہ واجد

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد نے دسمبر تک وطن واپسی کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی سے بذریعہ ای میل بات چیت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سے کویتی وزیر خارجہ کی ملاقات، علاقائی سلامتی پر تبادلہ خیال

دونوں رہنماؤں کا دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار

فریقین کا دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعاون اور علاقائی سلامتی پر تبادلہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

روزگار کیلئے جامع حکمت عملی پر بھرپور انداز میں کام کیا جائے، وزیراعظم

نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں اور کاروباری صلاحیتوں سے آراستہ کرنا ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین یوتھ پروگرام رانا مشہود نے ملاقات کی جس میں وزیراعظم کو یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں پیشرفت (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

ایمان تقویٰ جہاد فی سبیل اللہ

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح ملاقات کر رہے ہیں

عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق قومی ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کا اطلاق مربوط معاشرے کی تشکیل میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے

شہباز شریف

پاور سیکٹر کے ساتھ تعاون سے غیر رسمی معاشی سرگرمیوں اور ٹیکس چوری میں ملوث افراد و کاروباروں کا تعین کر کے انکے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

قومی سطح کے مرکزی ڈیٹا سینٹر sky 47 کی سہولیات تمام وفاقی اداروں کو میسر کرنے کے لیے فوری طور پر موثر اقدامات اٹھائے جائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ مختلف شعبوں میں ٹیکس کی استعداد کے تخمینے کیلئے ایک جامع وسائنٹیفک طریقہ کار وضع کر کے پیش کیا (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ وفاقی حکومت کے زیر انتظام نئے قائم کردہ قومی سطح کے مرکزی ڈیٹا سینٹر sky 47 کی سہولیات تمام وفاقی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں فورسز کا آپریشن، 32 دہشتگرد ہلاک

ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر متعدد کارروائیاں، نوشکی میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک

خیبر میں کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 24 دہشت گرد ہلاک ہوئے، اسلحہ گولہ بارود برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے گزشتہ 24 گھنٹوں میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشنز کے دوران 32 دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 28 اور 29 جولائی کی درمیانی رات ضلع خیبر میں انٹیلی جنس بنیاد پر ٹارگٹڈ آپریشن کیا گیا، خیبر میں کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 24 دہشت گرد ہلاک ہوئے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

آئندہ 4 سال کیلئے حج پالیسی کا اعلان کر دیا گیا

سرکاری سکیم کا کوٹہ 60 فیصد، پرائیویٹ کا 40 فیصد مقرر، اخراجات تخمینہ 12 سے 13 لاکھ مقرر

عازمین 10 فیصد جمع کروا کر اپنی پسند کے سال کیلئے رجسٹر ہو سکیں گے، سردار محمد یوسف

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے آئندہ چار سال کیلئے حج پالیسی کا اعلان کر دیا ہے، حج 2027ء کیلئے درخواستوں کی وصولی 10 سے 15 دنوں میں شروع کی (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

ایران کو جلد چینی دفاعی میزائل نظام کی پہلی کھیپ موصول ہونے کا امکان

امریکا کے ساتھ جاری جنگ کے دوران ایران اپنے فضائی دفاع کو دوبارہ مضبوط بنانے کی کوشش کر رہا ہے

ایران اپنے فضائی دفاع کو دوبارہ مضبوط بنانے کی کوشش کر رہا ہے، باخبر ذرائع

لندن (این این آئی) برطانوی میڈیا نے ایران کو آئندہ چند ہفتوں میں چین سے فضائی دفاعی میزائل نظام کی پہلی کھیپ موصول ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اسماعیل خان: جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن جامعہ عثمانیہ مریالی میں مجلس شوریٰ، اساتذہ طلبہ سے خطاب کر رہے ہیں

اسحاق ڈار اور کویتی وزیر خارجہ کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات

فریقین کا ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنانے، اعلیٰ سطح کے رابطوں کے تبادلوں سے دوطرفہ تعاون مزید موثر منظم بنانے پر اتفاق

فریقین کا باہمی دلچسپی کے امور پر کثیر جہتی فورمز میں قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے اپنے عزم کا بھی اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے بدھ کو یہاں وزارت خارجہ میں وفود کی سطح کے مذاکرات کی مشترکہ صدارت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق دونوں فریقوں نے پاکستان اور کویت کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، افرادی قوت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صحت، کان (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری کا کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

(ن) لیگ، پی پی آزاد کشمیر میں فارم سنتالیس کے چھچھڑوں پر لڑ رہی ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں اور ظالمانہ ٹیکسوں کے ستائے لوگ مزید خاموش نہیں رہیں گے۔

7 سات اگست کو پیٹرولیم لیوی کے خلاف عوامی حقوق کی جنگ ہوگی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں ہمارے نوجوانوں کا خون بہہ رہا ہے جب کہ (ن) لیگ اور پی پی میں فارم سنتالیس (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر سے ملحقہ علاقوں میں 2 غیر قانونی انٹرنیٹ ایکسچینج پکڑی گئیں، 3 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے پی ٹی اے نے آزاد کشمیر سے ملحقہ علاقوں میں مشترکہ کارروائی کے دوران 2 غیر قانونی انٹرنیٹ ایکسچینج پکڑ کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

جنگ بندی کے بعد ایران کا اردن میں امریکی فوجی اڈے پر حملہ

ہرمز میں وارننگ نظر انداز کرنے والے 3 آئل ٹینکرز کو روک دیا گیا، پاسداران انقلاب

سعودی وزیر خارجہ کے قطر، بحرین اور کویت کے وزرائے خارجہ سے ٹیلی فونک رابطے.......... آبنائے ہرمز پہلے کی حالت پر واپس آئی تو ایران کی فتح مکمل نہیں ہوگی، نائب ایرانی وزیر خارجہ

امریکی فورسز اور سعودی توانائی ڈھانچے پر حملوں کی تیاری کرنیوالے عراق میں ایرانی حامی گروپوں کے ٹھکانوں پر حملے کئے، سینٹکام

تہران / ریاض / واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اعلان کردہ دوسری جنگ بندی کے بعد پہلی بار ایران نے امریکا کے اڈوں پر حملہ کر دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے کہا کہ اردن میں امریکی فوجی اڈے اور سینٹکام کے مرکز کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا تھا۔ پاسدارانِ انقلاب کے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

افغان طالبان کو بڑا دھچکا، سینئر عہدیدار ذبیح اللہ قاتلانہ حملے میں ہلاک

کابل (این این آئی) افغانستان کے شمال مشرقی صوبے بدخشان میں طالبان حکومت کے محکمہ اطلاعات و ثقافت کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

جاپان میں قیامت خیز زلزلہ سے ہلاکتیں بڑھ کر 13 ہو گئیں، شاپنگ مال ملبے کا ڈھیر بن گیا

ٹوکیو (این این آئی) جاپان کے جنوبی جزیرے کیوشو میں آنے والے 7.1 (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

گوادر پورٹ پر دوسرا کمرشل بنکرنگ آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا گیا

سمندر برد ہونے والے طیارے کے بلیک باکس سگنلز خاموش ہونے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) سمندر برد ہونے والے طیارے کے بلیک باکس کے سگنلز خاموش ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ ماہر ہوا (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

یوکرین نے یقین دلایا ہے ایرانی جہاز پر حملہ غیر ارادی تھا، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ یوکرینی ہم (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری گڑھی ڈوپٹہ میں کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

کچھی، سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ و جھڑپیں

سنی میں دھماکوں کے بعد شدید فائرنگ سے پورا علاقہ گونج اٹھا ہلاکتوں اور زخمیوں کا خدشہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے سنی میں دھماکوں کے بعد سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ و جھڑپیں ہلاکتوں اور زخمیوں کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

رواں مالی سال کیلئے دیت کی رقم ایک کروڑ 93 لاکھ 52 ہزار 390 روپے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے مالی سال 2026-27ء کیلئے دیت کی نئی مالیت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

ایران آبنائے ہرمز پر غیر ضروری مطالبات کر رہا ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکام نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز پر غیر ضروری مطالبات کر رہا ہے، ایرانی مطالبات کو (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

مچھ، سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ

اہلکار محفوظ گاڑی کو نقصان پہنچا، سی ٹی ڈی اور پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی مچھ کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ کہ گاڑی کو نقصان پہنچا تاہم اہلکار محفوظ واقعے کے بعد سی ٹی ڈی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

سرمایہ کاری ہی پاکستان کی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے

احسن اقبال

نوجوان آبادی پاکستان کی سب سے بڑی معاشی قوت بن سکتی ہے، اڑان پاکستان کے تحت 10 لاکھ پاکستانی نوجوان سماجی تبدیلی کے سفیر بنیں گے

ترقیاتی اخراجات کا رخ انسانی سرمایہ کاری کی جانب منتقل کر رہے ہیں، قومی ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل، تعلیم اور جدید مہارتوں پر توجہ ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت ایک ایسے تاریخی موڑ پر کھڑا ہے جہاں پالیسیوں کا تسلسل، انسانی وسائل میں سرمایہ کاری، شواہد پر مبنی منصوبہ بندی اور قومی رویوں میں مثبت تبدیلی ہی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

ایران نے آبنائے ہرمز کے مشترکہ علاقائی انتظام سے متعلق عمان کی تجویز خارج کر دی

بحری راستوں کو دونوں ممالک کے درمیان مساوی طور پر تقسیم کرنا قابل قبول نہیں، نائب وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کے مشترکہ علاقائی انتظام سے متعلق عمانی تجویز مسترد کرتے ہوئے عمانی راستے کے ایک حصے پر کنٹرول کا مطالبہ کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز میں، بحری آمد و رفت کے انتظام (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

نوشکی: کرفیو کے باعث تمام کاروباری مراکز بند ہیں

پاکستان اور عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں دوسرے روز بھی کمی

کراچی (این این آئی) پاکستان اور عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں دوسرے روز بھی کمی ریکارڈ کی گئی۔ آل پاکستان صرافہ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

پاکستانی بندرگاہیں وسطی ایشیا کیلئے ٹرانزٹ ہب بن سکتی ہیں، جنید انوار چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری سے قازقستان کے سفیر یرزہان کستافین نے الوداعی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی وفد سے ملاقات کر رہا ہے

بی ٹیوٹا کو فعال، شفاف اور نتیجہ خیز ادارہ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری

بلوچستان میں نوجوانوں کو قابل روزگار بنانے کے لیے اسکل ڈیولپمنٹ کلیدی حیثیت رکھتا ہے

صوبے کے عوام کو ملکی اور عالمی سطح پر روزگار کے مواقع میسر ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بی ٹیوٹا (TEVTA-B) کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ادارے کو مزید فعال (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

نوشکی، تین روزہ کرفیو نافذ، دفعہ 144 کے تحت نقل و حرکت پر پابندی

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے ضلع نوشکی میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے 31 جولائی تک ضلع بھر میں کرفیو (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

کوہلو، پی بی 09 پر الیکشن ٹریبونل کا فیصلہ، 4 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم

نواب جنگیز مری کی کامیابی کو پیپلز پارٹی کے میر نصیب اللہ مری نے الیکشن ٹریبونل میں چیلنج کیا تھا

کوہلو (یو این اے) الیکشن ٹریبونل نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 09 کوہلو سے متعلق محفوظ شدہ فیصلہ سناتے ہوئے چار پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کرانے کا حکم دے دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس حلقے سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نواب جنگیز مری کامیاب (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی سرزمین پر دہشتگردی کو برداشت نہیں کریں گے

ظہور بلیدی
میر ضیاء اللہ لانگو

لیویز کے پولیس میں انضمام کے بعد بلوچستان کو اب پولیس کے زیر انتظام کر دیا تا کہ صوبے بھر میں پولیسنگ کا یکساں نظام قائم ہو، ظہور بلیدی

سیف سٹی کیمروں کو عوامی احتجاج کے دوران نقصان پہنچایا گیا تھا 10 روز میں فعال کر دیا جائیگا، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی اور میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان کابینہ نے ورکرز ویلفیئر بورڈ اسکالرشپ کے تحت 300 بچوں کو تعلیم فراہم کرنے، ساؤتھ بلوچستان پیکج کے مختلف منصوبوں کی سیکورٹی کے لیے 858 ملین روپے، ہرنائی سبی شاہراہ کو وفاقی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سندھ کی امریکی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی دعوت

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے امریکی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ہائی کورٹ نے سوشل میڈیا پر قلات ڈویژن کے حوالے سے نوٹیفکیشن معطل کیے جانے کی خبروں کی تردید کر دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے سوشل میڈیا پر قلات (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

شرجیل انعام میمن نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو بتا دیا قیامت کب آئی تھی

قیامت 2024 میں آ گئی تھی۔ 2024 میں خیرات کے مینڈیٹ بٹ رہے تھے

کراچی (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو بتا دیا کہ قیامت کب آئی تھی۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ٹوئٹ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء کابینہ کے اجلاس میں ہونیوالے فیصلوں سے متعلق پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

بارشیں، سیلاب اور مستقل منصوبہ بندی

ملک بھر میں جاری بارشوں کے باعث چھتیں گرنے اور کرنٹ لگنے سے گزشتہ روز 19 افراد جاں بحق ہو گئے جبکہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اب تک 97 افراد جاں بحق اور 200 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزرا اور متعلقہ سرکاری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں مون سون کے دوران نقصانات سے بچنے کے لئے قومی سطح پر تیاریوں اور ہنگامی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے اب تک سینکڑوں دیہات زیر آب آچکے ہیں، ہزاروں افراد نقل مکانی پر مجبور ہوئے ہیں اور درجنوں عمارات بشمول رہائشی مکانات منہدم ہوئی ہیں جبکہ درجنوں مویشی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ ملک کے مختلف علاقوں میں جاری موسلا دھار بارشوں اور سیلابی صورتحال سے یہ امر واضح ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے صرف ہنگامی اقدامات کافی نہیں بلکہ طویل المدتی منصوبہ بندی ضروری ہے۔ حکومت کی جانب سے ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کا اجلاس، جس میں وفاقی وزراء اور متعلقہ حکام شریک ہوئے، یقیناً ایک مثبت قدم ہے، تاہم اصل سوال یہ ہے کہ اگر بروقت اور موثر حفاظتی منصوبہ بندی پہلے ہی کر لی جاتی تو کیا اتنا بڑا انسانی اور مالی نقصان اٹھانا پڑتا؟ پاکستان ہر سال مون سون کے موسم میں شدید بارشوں اور سیلابی خطرات سے دوچار ہوتا ہے۔ گزشتہ برس بھی ملک کے مختلف حصوں میں سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی تھی۔ اس کی روشنی میں متعلقہ اداروں کو چاہیے تھا کہ برساتی نالوں کی صفائی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، پشتوں کی مضبوطی، دریا کنارے آباد مکینوں کے تحفظ اور ہنگامی امدادی نظام کو پہلے ہی مکمل طور پر فعال بنا لیا جاتا۔ بدقسمتی سے بیشتر معاملات میں روایتی غفلت اور سست روی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے جس کا خمیازہ آج عام شہریوں کو بھگتنا پڑتا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ قدرتی آفات کا مقابلہ صرف امدادی سرگرمیوں سے نہیں بلکہ موثر پیشگی تیاریوں سے ہی کیا جا سکتا ہے۔ آج موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث بارشوں کی شدت اور غیر متوقع موسمی حالات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، اس لیے قومی سطح پر ایک جامع حکمت عملی اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان مربوط تعاون، جدید پیشگی وارننگ سسٹم، محفوظ مقامات کی نشاندہی، عوامی آگاہی اور مقامی انتظامیہ کی استعداد کار میں اضافہ ایسے اقدامات ہیں جو مستقبل میں نقصانات کو نمایاں حد تک کم کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھارت کی جانب سے دریاؤں میں مزید پانی چھوڑنے کے خدشات بھی موجود ہیں، جس سے نشیبی علاقوں میں سیلاب کی شدت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ایسے حالات میں پانی کے ذخائر بڑھانے، سیلابی ریلوں کی روک تھام کے اقدامات اٹھانے اور زرعی ضروریات پوری کرنے کے لیے نئے ڈیموں کی تعمیر ہماری قومی ترجیح ہونی چاہیے کیونکہ بڑے اور چھوٹے آبی ذخائر نہ صرف سیلابی پانی کو محفوظ بنانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں بلکہ خشک موسم میں آبپاشی، پینے کے پانی اور بجلی کی ضروریات پوری کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے آبی وسائل پر قومی اتفاقِ رائے پیدا کرنا اور منصوبوں کو سیاسی اختلافات سے بالاتر رکھنا ناگزیر ہے۔ یہ وقت بلاشبہ عملی اقدامات اٹھانے کا ہے۔ حکومت کو فوری امدادی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ متاثرہ خاندانوں کی مکمل بحالی، تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی تعمیرِ نو اور آئندہ کے لیے موثر حفاظتی منصوبہ بندی پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ اگر ہر سال مون سون میں ایک ہی نوعیت کی تباہی سامنے آتی رہی تو اس کی ذمہ داری صرف قدرت پر نہیں بلکہ ہماری منصوبہ بندی کی کمزوریوں پر عائد ہوگی۔ بے شک سائنسی اور قومی مفاد پر مبنی آبی و موسمیاتی حکمت عملی ہی پاکستان کو مستقبل کے ایسے خطرات اور نقصانات سے بچا سکتی ہے، جس کے لئے ابھی سے کام کا آغاز کر دیا جانا چاہیے۔

بادشاہ کی پوشاک جنتر منتر میں

وسعت اللہ خان

دوہزار چودہ میں نریندر مودی کی انتخابی کامیابی میں جہاں اڈانی و امبانی کے سرمائے نے کلیدی کردار ادا کیا وہیں پہلی بار آر ایس ایس اور بی جے پی نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا مہارت سے استعمال کرتے ہوئے اپنا پیغام موبائل فون کے ذریعے گھر گھر پہنچایا اور ٹیکنالوجی کے سبب ایک ہی وقت میں کئی کئی جلسوں سے خطاب کرنا ممکن ہوا۔ مودی نے اپنی ریاست گجرات کی صنعتی ترقی بطور شوکیس پیش کرتے ہوئے اسے پورے دیش تک پھیلانے کا وعدہ کیا۔ یوں "مودی ہے تو ممکن ہے" کے نعرے نے ملک کو لپیٹ میں لے لیا۔ نتیجہ زبردست انتخابی جیت کی شکل میں نکلا۔

مگر آر ایس ایس کے گھاگ نظریہ سازوں اور مودی کی فتح کے ڈیجیٹل معمار اندر سے جانتے تھے کہ مودی جی جنتا سے جوش میں جتنے وعدے کر بیٹھے ہیں، ان میں سے آدھے بھی پورے ہو جائیں تو بڑی بات ہوگی۔ چنانچہ وعدے اور حقیقت کا خلا پر کرنے کے لیے چو طرفہ حکمت عملی اختیار ہوئی۔

اول یہ کہ میڈیا کو ترغیب و دھونس و پیسے سے قابو میں لاو؟ تاکہ عام آدمی تک سرکاری سچ ہی پہنچ سکے۔ اڈانی اور امبانی گروپ کو شہہ دی گئی کہ جتنے چینل اور اخبارات خریدے جاسکیں خرید لیں۔ پروفیشنل صحافیوں کے لیے ایسے حالات پیدا کیے گئے کہ یا تو وہ سرکاری بھونپو بن جائیں یا خاموش بیٹھ جائیں یا استعفیٰ دے دیں یا پھر نکال دیے جائیں اور ان کی جگہ نظریاتی کمیٹڈ صحافیوں سے پر کی جائے۔ ٹی وی چینلز میں بھی اینکرز کی اسی طرح چھانٹی ہوئی اور اسکرین پر نظریاتی گدھ بٹھا دیے گئے جن کا کام تھا کہ ناکامی کو بھی شاندار کامیابی بنا کر پیش کیا جائے۔ عام آدمی کو پختہ یقین ہو جائے کہ حزبِ اختلاف کا کوئی وجود نہیں۔ اگر ہے بھی تو وہ کسی کام کی نہیں۔ نجات دہندہ بس ایک ہے۔

دوسرا کام یہ ہوا کہ بی جے پی اور اس سے جڑی تنظیموں نے انٹرنیٹ پلیٹ فارمز بالخصوص فیس بک اور وٹس ایپ کی ڈومین پر قبضہ کر لیا اور سیاسی مخالفین کے ساتھ ساتھ اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کے خلاف ڈیجیٹل زہر کی نہر رواں ہو گئی تاکہ ہندو اسی فیصد ہونے کے باوجود بیس فیصد "دہشت گرد" اقلیت کے خطرے سے بچنے کے لیے مودی جی کا دامن پکڑے رہیں۔ اس کا ایک فائدہ یہ ہوا کہ مرکزی و صوبائی سطح پر ہر طرح کی نااہلی پر پردہ ڈالنے کے لیے عوام کو ہندو مسلم کے کھیل میں مصروف کر دیا گیا۔ الیکشنز کے موسم میں یہ مصالحہ کچھ اور تیز ہو جاتا اور اس میں تشدد کا عنصر بھی بڑھا دیا جاتا تاکہ خوف ووٹ میں ڈھل سکے۔

تیسرا کام یہ ہوا کہ بھارتی مسلمانوں اور پاکستان کو نتھی کر کے اپنے ہی اقلیتی شہریوں کو ایک کونے میں دھکیل کر ان پر غداری کا اجتماعی لیبل لگانے کی بھرپور کوشش ہوئی۔ اکثریت کی برین واشنگ کا یہ فائدہ ہوا کہ بھارت ایک سیکولر جمہوری آئین کے ہوتے عملاً ہندوتوا کے پرچم تلے ایک نظریاتی میجارٹیرین سٹیٹ بننے کی راہ پر چل نکلا۔ ایک ایسی ریاست جس میں اقلیت کے آئینی حقوق رعائیت، مہربانی اور احسان سمجھے جاتے ہیں۔ نظریاتی میجارٹیرین سٹیٹ چونکہ اقلیتی ووٹ کی محتاج نہیں ہوتی لہذا ان کے مطالبات سننا بھی ضروری نہیں۔

چوتھا کام یہ کیا گیا کہ نوکر شاہی، عدلیہ، سرکاری کارپوریشنز اور تعلیمی ادارے۔ ہر جگہ ہندوتوا کے حامی کلیدی سیٹوں پر بٹھائے گئے۔ نصاب بالخصوص تاریخی واقعات و حقائق کو گیروے میں رنگ دیا گیا۔ مقصد یہ تھا کہ اگلی نسل کی اس طرح ذہن سازی ہو کہ وہ نظریاتی روبوٹ بن جائیں۔

ان پالیسیوں کے سائے تلے خیر سے مودی سرکار کو تیرہواں برس لگ گیا ہے۔ اتنی طویل مدت تک اقتدار میں رہنے کی اپنی خرابیاں ہیں۔ مثلاً ووٹ بینک کو حکمران فار گرانٹڈ لینے لگتا ہے۔ مقبولیت کو دائمی سمجھنے لگتا ہے۔ ایسے لوگوں میں گھر جاتا ہے جو کان میں مسلسل پھونکتے رہتے ہیں کہ آپ نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

بظاہر سب کچھ قابو میں ہونے کے بعد بھی یہ پریشانی کھائے جاتی ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہونے پائے۔ چنانچہ یہ پریشانی ایک کے بعد ایک جابرانہ قوانین اور ہتھکنڈوں کی شکل میں ڈھلتی چلی جاتی ہے۔ اوپر کے دو چار کلیدی فیصلے کرنے والوں کی آنکھیں چونکہ پاور کے نشے میں مست ہوتی ہیں لہذا عظیم الشان رہنما کی چھایا تلے چھوٹی اور بڑی کرپشن کا چلن عام ہوتا چلا جاتا ہے اور احتساب کرنے والے اپنی عزت و آسائش بچانے کے لیے سمٹتے جاتے ہیں۔ اپوزیشن کی آواز ویسے ہی چینلوں تک نہیں پہنچتی اور پہنچ بھی جائے تو انھیں حقارت سے یہ کہہ کر رد کر دیا جاتا ہے کہ ان کا تو کام ہی بنا بات کے شور مچانا اور اچھے بھلے کاموں میں کیڑے نکالنا ہے۔

کروڑوں بچے چار پانچ برس سے چیخ رہے تھے کہ امتحانی نظام اوپر سے نیچے تک کرپٹ ہو چکا ہے۔ بیس سے زائد بچوں نے اس دکھ میں خودکشی بھی کر لی مگر کسی کے کان پر جوں نہیں رینگی۔ بالآخر ان بچوں نے ہر طرف سے مایوس ہو کر معاملات خود اپنے ہاتھوں میں لے لیے۔ آپ نے ڈینش مصنف اینڈرسن کی شہرہ آفاق کہانی تو سنی ہوگی کہ نت نئے فیشن کے شوقین بادشاہ کو دو ٹھگوں نے قائل کر لیا کہ ہم ایسا نفیس کپڑا بناتے ہیں کہ دنیا میں کوئی اور نہیں بنا سکتا۔ آپ جب اس کپڑے کی پوشاک پہنیں گے تو چار دانگِ عالم میں ڈنکا پٹ جائے گا۔ اس پوشاک کی بنیادی خوبی یہ ہوگی کہ عقلمندوں کو ہی دکھائی دے گی۔

چنانچہ دونوں ٹھگوں نے بادشاہ کو پوشاک پہنائی۔ بادشاہ اس ڈر سے خاموش رہا کہ اگر میں کہوں کہ مجھے یہ پوشاک نظر نہیں آرہی تو سب مجھے بے وقوف سمجھیں گے اور یوں میرا دبدبہ اٹھ جائے گا۔ وزیروں کو بھی کوئی پوشاک نظر نہیں آ رہی تھی مگر وہ بھی بے وقوف کہلانے کے خوف سے چپ تھے۔

دونوں ٹھگوں نے بادشاہ کو قائل کر لیا کہ ایسا شاندار لباس رعایا نہ دیکھے تو بڑی زیادتی ہوگی۔ چنانچہ بادشاہ وہ خیالی پوشاک پہن کے جلوس کی صورت رتھ پر سوار محل سے نکلا۔ رعایا آنکھیں مل مل کے پوشاک دیکھنے کی کوشش کرتی رہی مگر ہوتی تو نظر آتی۔ پھر بھی شاہی دبدبے سے دبی رعایا سبحان اللہ ماشاءاللہ کے نعرے لگاتی رہی۔

ایک بچے کی نظر بادشاہ پر پڑی تو وہ باپ کی انگلی چھڑاتے ہوئے چیخا "بابا بادشاہ ننگا ہے"۔ باپ نے اس کے منہ پر مضبوطی سے ہاتھ رکھ دیا۔ ساتھ والی عورت نے کہا بچہ صحیح تو کہہ رہا ہے، بادشاہ واقعی ننگا ہے۔ اور پھر ایک کان سے دوسرے کان تک بات جنگل کی آگ کی طرح مجمع میں پھیل گئی، بادشاہ ننگا ہے۔

بچوں نے دلی کے جنتر منتر میں کھڑے ہو کر بس یہی پوشاک تو دکھائی ہے۔

☆☆☆☆

پاکستان عالمی کامیابیوں اور داخلی چیلنجز سے کیسے نمٹے؟

ثناء اللہ عباسی

پاکستان کی 2026 میں سفارتی کامیابی اس وقت اپنی عروج پر پہنچی جب اس نے ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ کروایا۔ سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ اور اب کئی دیگر ممالک جیسے کہ کویت، ترکی، مصر اور قطر کے ساتھ اسی قسم کے اتحاد کی کوششیں جاری ہیں اور کسی ممکنہ اتحاد کی صورت میں کچھ لوگ جسے اسلامی نیٹو بھی کہتے ہیں تشکیل پاسکتا ہے۔

اس سے دو باتیں ثابت ہو گئیں، ایک یہ کہ پاکستان خطے میں نا صرف امن کروا سکتا ہے بلکہ مہیا بھی کر سکتا ہے۔ اگر امریکی فوجیں مشرقِ وسطیٰ کو خالی کریں تو پاکستان کی سربراہی میں یہ اتحاد پورے خطے کی امن امان کا ضامن بن سکتا ہے۔

لیکن جو کچھ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں ہو رہا ہے، اس سے یہ بین الاقوامی کامیابیاں اثر انداز ہو سکتی ہیں۔ انگریزی میں کہاوت ہے کہ 'کوئی اپنے قد سے اوپر اڑان نہیں کرتا' اس لیے ضروری ہے کہ پاکستان کے اندر امن و امان یقینی ہو۔

یہ دونوں صوبے ایران اور افغانستان سے ملتے ہیں۔ ایک طرف ایران کی جنگ مشرقِ وسطیٰ کا فیصلہ کرے گی تو دوسری جانب افغانستان کی صورت حال بھی تنازعات سے بھری پڑی ہے۔ دونوں ملکوں کا پاکستان کے ساتھ بڑا تعلق رہا ہے۔ دونوں صوبے معدنیات سے مالا مال ہیں اور یہ معدنیات ہی آج کل کے مصنوعی ذہانت یعنی اے آئی کے انقلاب کے لیے بہت ضروری ہیں۔ اس لیے پاکستان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ پاکستانی معیشت کی حالت بھی اچھی نہیں ہے۔ صرف ترسیلاتِ زر (remittances) کے علاوہ معیشت پر رشک نہیں آسکتا۔ آج کل، صرف آئی ایم ایف کے مرہونِ منت ملک چل رہا ہے جو کہ ماضی کا تسلسل ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ یہ اقدامات دیرپا نہیں رہے اور ملک اور عوام کے لیے فائدہ مند نہ ثابت ہوئے۔

آئن سٹائن کا قول ہے 'وہ ہی چیز دہرانے سے نتائج مختلف نہیں نکلتے'۔ ہم کئی سالوں سے وہی ایک طریقہ استعمال کر رہے ہیں لیکن توقع مختلف نتائج کی کرتے ہیں۔ چند تجاویز نتائج حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل ہوسکتی ہیں۔

پورے ملک میں ایک قانون ہونا چاہیے۔ بلوچستان کے 'بی-ایریا' اور پختونخوا کے سابق فاٹا پر بھی باقی ماندہ پاکستان کا قانون لاگو ہونا چاہیے۔

اندرونی امن و امان صرف پولیس کی ذمہ داری ہو اور اس کی جواب طلبی بھی لازمی کی جائے۔

قانون کی حکمرانی بھی نہایت اہم ہے چونکہ دہشت گردی کی اصل وجہ بھی یہ ہی ہے۔ تنازعات کے حل کا ایک جامع نظام ہو۔ کتاب 'Pakistan: A Hard State' کے مصنف Anatol Lieven نے پاکستان کو ایک 'Negotiated State' (مذاکراتی ریاست) قرار دیا ہے یعنی مذاکرات سے سارے مسائل حل کیے جاسکتے ہیں۔ حالیہ دنوں میں پاکستان کے ایک سیاست دان نے کشمیر کے الیکشن کے دوران کہا کہ اگر پاکستان آبنائے ہرمز کھلوا سکتا ہے تو کشمیر کے روڈ کیوں نہیں کھلوا سکتا؟

منظم انتشار والا نظریہ ختم ہوتا جا رہا ہے کیونکہ اس کے غیر ارادی نتائج ہوتے ہیں جو کوئی بھی ریاست برداشت نہیں کر سکتی۔ مسلسل بغاوتوں کے نتائج صرف قیمت کے بل بوتے پر فیصلہ کن ہوتے ہیں کہ کس فریق کے لیے قیمت زیادہ ہے اور کوئی بھی ریاست قیمت بڑھانا نہیں چاہتی۔

اچھی اور بری دہشت گردی کی تمیز کو ختم کرنا ہوگا۔ اس تاثر کو جڑ سے اکھاڑنا ہوگا۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا ایک قبائلی معاشرہ پر مشتمل ہے، جس میں زر، زمین، زن کی اہمیت ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ زمین کے لوگوں کے مالکانہ حقوق تسلیم کیے جائیں اور انسانی حقوق کا خیال رکھا جائے۔ برطانوی فلاسفی جان لاک نے 17 ویں صدی میں زمین کے مالکانہ حقوق کا دفاع کیا۔

ایک محقق Johannes Gerschewski اپنی مضمون (2013) The Three Pillars of Stability میں Co-optation اور Legitimacy (جواز/مقبولیت) کو ریاست کے لیے بہت ضروری بتاتا ہے۔ اس لیے کسی بھی حکومت کے لیے اس کا جائز وجود ضروری ہے (اگرچہ اس مضمون کی کچھ باتوں سے اختلاف کیا جاسکتا ہے)۔ حکومت جب جائز نہ ہو تو وہ اپنا وجود کھو دیتی ہے۔

مذہب اور قوم پرستی نے دنیا کی تاریخ میں بہت بڑا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کبھی ایک دوسرے سے تعاون کیا ہے تو کبھی ایک دوسرے کے خلاف کام کیا۔ جب اختلاف کیا تو جنگیں ہوئیں اور جب تعاون کیا تو امن قائم ہوا۔ ریاست کو ان دو طاقتوں کو قومیانہ (Nationalise) ہوگا۔ ریاست کو ایسے اقدامات اور حالات پیدا کرنے چاہییں کہ یہ دونوں قوتیں ایک دوسرے سے تعاون کریں۔ خطے کی ہر ریاست کی ذمہ داری ہونی چاہیے کہ تنازعات کا حل صرف اور صرف مذاکرات سے نکالے۔ یہ تعاون اپنے بنائے ہوئے بین الاقوامی فورمز جیسے کہ سارک اور اقوام متحدہ کے ذریعے بھی ہوسکتا ہے، جو کہ اچھے فورم ہیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ آج کا دور صرف اور صرف طاقت کا استعمال ہی جانتا ہے لیکن یہ پائیدار نہیں ہے کیونکہ دنیا اور عوام الناس کا شعور اس سے آگے بڑھ چکا ہے۔ جو بھی انسانی شعور سے لڑا وہ پاش پاش ہو گیا اور شعور ہی نئی دنیا بناتا بھی ہے اور اسے بدلتا بھی ہے۔

صنعتی انقلاب اور مصنوعی ذہانت کا انقلاب کسی جنگ کی پیداوار نہیں ہے بلکہ یہ انقلابات انسانی شعور کی پیداوار ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ صنعت اور اے آئی نے جنگوں کو زیادہ خطرناک بنا دیا ہے اور قوموں کی تقدیر کے فیصلے کیے ہیں، لیکن ان کا استعمال پھر بھی انسانی شعور پر منحصر ہے جو کہ اب ان ہی جنگوں کے خلاف کھڑا ہو رہا ہے۔

امیر بھی اور عظیم بھی

مجیب الرحمان شامی

امیر العظیم دنیا سے رخصت ہوئے ہیں تو اندازہ ہو رہا ہے کہ وہ کتنے امیر اور کتنے عظیم تھے۔ ان کی زندگی میں بھی ان کا اعتراف کرنے والے بہت تھے لیکن انتقال کے بعد تو یوں محسوس ہو رہا ہے کہ سیاست اور صحافت کی دنیا کے ہر شخص کو کچھ کھو جانے کا احساس ہوا ہے۔ ہر اک شے میں کسی شے کی کمی محسوس ہو رہی ہے۔ وہ اسلامی جمعیت طلبہ سے ہوتے ہوئے جماعت اسلامی میں پہنچے تھے۔ پنجاب یونیورسٹی کی طلبہ یونین کے صدر منتخب ہوئے' جیل میں تھے کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے ارکان نے انہیں اپنا ناظمِ اعلیٰ چن لیا۔ طالب علمی کا دور ختم ہوا تو ادھر ادھر جھانکنے کے بجائے سر جھکا کر جماعت اسلامی میں داخل ہو گئے۔ جس راستے پر چلنے کا عہد کیا تھا اسی راستے پر چلتے رہے۔ پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ جماعت اسلامی میں بھی ہاتھوں ہاتھ لیے گئے۔ یہاں عہدوں کی بندر بانٹ ہوتی ہے نہ ان کے لیے لوگ ایک دوسرے کے مقابل کھڑے ہوتے ہیں۔ یہاں منصب ذمہ داری کا بوجھ اٹھانے کا نام ہے اس لیے اس کی تمنا دلوں میں کم ہی پالی جاتی ہے۔ امیر العظیم بھی اپنی مسکراہٹ اور انکساری کی بدولت ممتاز سے ممتاز تر ہوتے چلے گئے۔ جماعت اسلامی کے سیکرٹری اطلاعات بنے تو اسے نئی توانائی بخشنے میں لگ گئے۔ اس سے پہلے صفدر علی چودھری کا سکہ چل رہا تھا۔ ان کی طاقت بھی دھیمے لہجے اور مسکراہٹ میں تھی۔ وہ ادیب تھے نہ خطیب لیکن دل میں اترتے چلے جاتے تھے۔ جناب سراج الحق کی امارت میں امیر العظیم نے سیکرٹری جنرل کا عہدہ سنبھالا' ان سے پہلے لیاقت بلوچ' ان سے پہلے قاضی حسین احمد اور ان سے کہیں پہلے میاں طفیل محمد اس ذمہ داری کو نبھا چکے تھے۔ ان دنوں سیکرٹری جنرل کو "قیم" کہا جاتا تھا۔ جماعت اسلامی اپنے سکے اپنی ٹکسال میں ڈھال رہی تھی' سیکرٹری جنرل کے بجائے اس نے اپنے "منتظم اعلیٰ" کو قیم کا نام دے رکھا تھا لیکن پھر "قیم" پر سیکرٹری جنرل غالب آ گیا" "جدت" نے قدامت پر قابو پا لیا۔ میاں طفیل محمد نے جماعت اسلامی کا نظم کھڑا کرنے اور اس کی موثر نگرانی کرنے میں کمال حاصل کیا تھا' مولانا مودودی نے مسند خالی کی تو ارکانِ جماعت کی بھاری اکثریت نے "قیم" کو اپنا امیر بنا لیا۔ میاں صاحب کا دورِ امارت ہنگامہ خیز رہا۔ 1970ء کے انتخابات کے بعد مشرقی پاکستان کا صدمہ برداشت کرنا پڑا تھا' اس کے بعد مغربی حصہ "نیا پاکستان" بن کر ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کے قبضے میں آچکا تھا۔ میاں طفیل محمد 1970ء کے انتخابات میں پیپلز پارٹی کے بائیں بازو کے ستون شیخ رشید کے مقابلے میں الیکشن ہارے تھے۔ امارت کی ذمہ داری ان کے کاندھوں پر آن پڑی تو "بھٹو ازم" کے خلاف کھڑے ہو گئے۔ جیل میں ان کے ساتھ بدسلوکی ہوئی تو گویا ضبط کے بند ٹوٹ گئے۔ مولانا مودودی سے لے کر جماعت اسلامی کے ادنیٰ کارکن تک سب کا خون کھولنے لگا' اس طرح کی بدتمیزی کا کوئی تصور اس سے پہلے قومی سیاست میں نہیں تھا۔ بھٹو صاحب کے جیالوں نے سیاسی اختلاف کو گھٹیا ذاتی دشمنی میں تبدیل کر دیا تھا۔ جماعت اسلامی میدان میں رہی' اتحادی سیاست کو فروغ دیا' پاکستان قومی اتحاد کی تشکیل میں نمایاں کردار ادا کیا' بالآخر بھٹو اقتدار سے نجات نصیب ہوئی۔ انتخابی دھاندلی کے بعد اٹھنے والے غم و غصے کے طوفان میں یہ کشتی ڈوبی' مارشل لاء نافذ ہوا تو بھٹو مخالف جرنیلی حکومت کے فطری اتحادی قرار پائے۔ پیپلز پارٹی کے ایک دھڑے نے الذوالفقار بنا لی اور طاقت کے ذریعے ضیاء الحق کا تختہ الٹنے کے وہم میں مبتلا ہو گیا۔ ان "انقلابیوں" کے ساتھ وہ کچھ ہوا کہ ان کے اپنے عہدِ ستم کی کارروائیاں اس کے سامنے ماند پڑ گئیں۔ میاں طفیل محمد جنرل ضیاء الحق کے مارشل لاء کے خصوصی پشتیبان سمجھے جانے لگے۔ وہ بھی جالندھر کے آرائیں تھے' اس حوالے سے جنرل ضیاء الحق سے ان کے تعلق کے چرچے ہوئے' مخالفین نے انہیں جنرل صاحب کا ماموں مشہور کر دیا۔ اسی دوران طلبہ تنظیمیں مارشل لاء کی نظر میں کھٹکنے لگیں۔ ان کی منہ زوریوں نے ماحول کو گرمانا شروع کر دیا۔ سندھ اور بلوچستان کے قوم پرست بھی ان کی آڑ میں دندنانے لگے' سو مارشل لاء نے ان کے ساتھ وہی سلوک کیا جو اس سے پہلے سیاسی جماعتوں کے ساتھ کر چکا تھا۔ ان پر پابندی لگی' یہ سب کالعدم قرار پا گئیں۔ امیر العظیم طلبہ رہنما تھے' میدان میں ڈٹ گئے' سو ان پر جیل کے دروازے کھول دیے گئے۔ کئی ساتھی بھی اسی سلوک کے مستحق گردانے گئے۔ امیر العظیم نے طلبہ رہنماؤں کی ایسی تصاویر برادرم سلیم منصور خالد کے سپرد کیں جن میں تشدد کا نشانہ بننے والے طلبہ کے زخم نمایاں تھے۔ یہ تصویریں کیسے کھینچی گئیں اور کیسے جیل میں پہنچیں' یہ تو معلوم نہیں ہوا لیکن برادرم سلیم منصور خالد ملاقات کے لیے جیل گئے تو بنڈل اپنے ساتھ لے آئے۔ یہ تصویریں ماہنامہ "قومی ڈائجسٹ" میں چھاپ دی گئیں۔ جنرل ضیاء کے برادر نسبتی ڈاکٹر بشارت الٰہی مرحوم اور ان کے گہرے دوست میاں محمد یٰسین (مرحوم) کی معاونت سے اس طرح دھاوا بولا گیا کہ جنرل ضیاء الحق درِ زنداں کھولنے پر مجبور ہو گئے۔

امیر العظیم رہا ہوئے تو ان کے دل میں پیپلز پارٹی کے بارے میں نرم گوشہ وسیع ہو چکا تھا۔ وہ اس سے مفاہمت کا راستہ تلاش کرنے والوں میں شمار ہونے لگے۔ جماعت اسلامی کا "کراچی گروپ" بھی ایسے ہی خیالات میں مبتلا تھا۔ برادرِ عزیز محمد صلاح الدین اپنا قلم لے کر اس کے خلاف ڈٹ کر کھڑے ہو گئے۔ مجھے بھی اس شدت پسندی سے اتفاق نہیں تھا سو اس کے خلاف آواز بلند کی' میرے مضمون نے "قومی ڈائجسٹ" اور "نوائے وقت" میں شائع ہو کر بحث کو آگے بڑھایا۔ پیپلز پارٹی کو ایک سیاسی جماعت کے طور پر کردار ادا کرنے کا حق دینا اور اس سے رابطہ استوار کرنا جمہوری سیاست کے لیے لازم تھا۔ اس بحث نے سوچ کا رخ بدلا اور جماعت اسلامی کے ساتھ پیپلز پارٹی کے رابطے بحال ہوتے گئے۔ امیر العظیم جماعت اسلامی کے سیکرٹری جنرل بنے تو اپنی صلاحیت منواتے چلے گئے۔ عاجزی اور انکساری ان کی دولت تھی' اسی سے وہ امیر ہوئے اور اسی نے انہیں عظمت دلائی۔ انہوں نے اپنی ایڈورٹائزنگ ایجنسی بنائی' ایک ٹی وی چینل کا بھی اجرا کیا' اس کے ساتھ ساتھ جماعت اسلامی کی ذمہ داریاں بھی نبھاتے رہے۔ کینسر کا موذی مرض لاحق ہوا تو اس کو اپنے اوپر حاوی نہیں ہونے دیا۔ مسلسل نو برس اس سے برسرِ پیکار رہے۔ بستر علالت پر بھی مسکراہٹ ان کے چہرے پر تھی۔

☆☆☆

بقیہ 1

گیا۔ ملاقات کے دوران مولانا ہدایت الرحمٰن نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ گوادر کی ترقی کے ہر منصوبے میں مقامی آبادی کی شمولیت، فلاح و بہبود اور معاشی بہتری کو مرکزی حیثیت دی جانی چاہیے تاکہ ترقی کے ثمرات براہِ راست وہاں کے عوام تک پہنچ سکیں۔ اس موقع پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ گوادر پاکستان کی اقتصادی اور تزویراتی ترقی میں کلیدی اہمیت کا حامل ہے جبکہ اس کی حقیقی ترقی کا انحصار مقامی آبادی کی خوشحالی، روزگار کے مواقع، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی شراکت داری پر ہے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ گوادر کی ترقی اور بالخصوص وہاں کے عوام کی خوشحالی ہماری اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور اسٹیک ہولڈرز کے درمیان موثر تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ 2

فلاح، بلدیاتی تعاون اور پاک۔ چین دوستی کو مزید مستحکم بنانے سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گوادر کے طلبہ کے لیے چین کے سسٹر سٹیز کارامے، پویانگ اور تیانجن پورٹ سٹی کی جامعات میں اعلیٰ تعلیم اور اسکالرشپ کے مواقع، اولڈ ٹاؤن کی بحالی، شہری انفراسٹرکچر کی بہتری، سولر اسٹریٹ لائٹس کی فراہمی، صفائی کے جدید آلات اور ویکیوم سوپنگ مشینوں کی دستیابی، مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع، ماہی گیروں کی پیشہ ورانہ تربیت، جدید فش فارمنگ کے فروغ اور متعلقہ وفود کے چین کے مطالعاتی دوروں سمیت متعدد عوامی فلاحی تجاویز زیرِ غور آئیں مسٹر لی یونگ نے گوادر کی ترقی اور عوامی بہبود سے متعلق تجاویز کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ ان پر متعلقہ چینی اداروں کے ساتھ مشاورت کے بعد سنجیدگی سے غور کیا جائے گا تاکہ مستقبل میں باہمی تعاون کو مزید موثر اور نتیجہ خیز بنایا جاسکے۔

بقیہ 3

شبہ میں اس کے شوہر کو حراست میں لے لیا۔ ایس ایچ او ایئرپورٹ تھانہ مقصود گجر نے بتایا کہ ایئرپورٹ روڈ کی نجی ہاؤسنگ اسکیم کے گھر میں فائرنگ سے حاملہ خاتون وردہ داؤد جاں بحق جبکہ سات سالہ بیٹا محمد حبیب زخمی ہو گیا زخمی لڑکے اور خاتون کی لاش کو سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ ایس ایچ او ایئرپورٹ تھانہ نے بتایا کہ پولیس نے خاتون کے قتل کے شبہ میں اس کے شوہر فرحان مگسی کو حراست میں لے لیا ہے اور کیس تفتیش کیلئے سیریس کرائمز یونٹ کو منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب مقتولہ وردہ داؤد کی بہن نے بتایا کہ ان کی بہن طلاق یافتہ تھیں اور ان کا ایک 7 سالہ بیٹا تھا۔ بعد میں انہوں نے دوسری شادی فرحان مگسی سے کی تھی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے اپیل کی کہ ہماری بہن کے قاتل کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے اور ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 4

فراہمی کی تقریب منعقد کی گئی۔ پروجیکٹ 2019/2020 میں حکومت بلوچستان سے منظور شدہ تھا جس میں 100 سے زائد درخواستیں موصول ہوئی تھیں جن پر مروجہ قانون کے مطابق اہل اُمیدواروں کی لسٹ ترتیب دی گئی ان کے مابین قرعہ اندازی کی صورت میں 14 کامیاب ماہیگیروں کو باقاعدہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز حب لسبیلہ عبدالہادی نے بلوچستان کے ساحلی علاقے ڈام بندر میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن عبدالرزاق انگاریہ، چیئرمین یونین کونسل ڈام سردار محمد سلیم خاصخیلی، کونسلر عبداللطیف مانڈڑہ، کونسلر حاجی حبیب اللہ میر بحر، سماجی رہنماء حاجی کریم بخش، محمد یعقوب و دیگر ماہیگیر رہنماؤں کی موجودگی میں اسپیڈ بوٹس تقسیم کر کیے گئے۔ اس موقع پر شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے کامیاب خوش نصیب ماہیگیروں کو اسپیڈ بوٹس فراہم کرنے پر ماہیگیر رہنماؤں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکریٹری فشریز کا شکریہ ادا کیا اور اسپیڈ بوٹس تقسیم کے عمل کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے وزیر بلوچستان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز حب لسبیلہ عبدالہادی لانگو نے کہا کہ محکمہ فشریز بلوچستان ماہیگیروں کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے اور ماہیگیروں کے تمام جائز مطالبات اعلیٰ حکام تک پہنچائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ محکمہ فشریز کی بڑی کامیابی اور ماہیگیروں کا اعتماد ہے کہ اسپیڈ بوٹس فراہمی اور قرعہ اندازی کے عمل کو مکمل شفاف بنایا گیا اور اس پر ماہیگیروں کا اعتماد خوش آئند ہے۔ محکمہ فشریز ماہیگیروں کی فلاح و بہبود کے سلسلے کو آگے بھی جاری رکھے گی

بقیہ 5

صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے عوامی مسائل کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو بعض سائلین کے مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اور کارروائی کی ہدایات جاری کیں، جبکہ دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کے نمائندے ہیں اور عوام کی خدمت کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ حلقے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی اور کسی بھی شہری کو جائز مسئلے کے حل کے لیے مایوس نہیں کیا جائے گا حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ عوام کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ وہ اپنے حلقے کے عوام کے ہر قسم کے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہیں گے۔

بقیہ 6

کاشف الرحمن اور طاہر راجپوت بھی شامل تھے۔ اس موقع پر حب کی تعمیر و ترقی، شہری مسائل، صنعتی سرگرمیوں، انفراسٹرکچر کی بہتری اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میئر حب گل حسن محمد حسنی نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی اور صوبائی قیادت حب کو بلوچستان کا جدید، خوبصورت اور ماڈل شہر بنانے کے لئے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی حب کی ترقی اور خوشحالی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ حب کو جدید شہری سہولتوں سے آراستہ ایک مثالی شہر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حب میونسپل کارپوریشن ایک جامع ماسٹر پلان کے تحت شہر کی منصوبہ بندی کر رہی ہے جس کے تحت جدید تعلیمی اداروں، ماڈل اسپتالوں، جدید پارکس، کشادہ سڑکوں، پلوں، انڈر پاسز، نکاسی آب کے موثر نظام، صاف پانی کی فراہمی، گرین بیلٹس، اسٹریٹ لائٹس اور دیگر بنیادی شہری سہولتوں کے منصوبوں پر مرحلہ وار عملدرآمد کیا جائے گا۔ میئر گل حسن محمد حسنی نے کہا کہ حب بلوچستان کا سب سے اہم صنعتی شہر ہے جہاں روزانہ ہزاروں صنعتی گاڑیاں، ہیوی ٹرک اور کنٹینرز بندرگاہوں سے آمدورفت کرتے ہیں، جس کی وجہ سے شہر کے انفراسٹرکچر اور ٹریفک نظام پر غیر معمولی دباؤ پڑتا ہے۔ اس مسئلے کے مستقل حل کے لئے جامع ٹریفک مینجمنٹ پلان، متبادل روٹس، انڈر پاسز اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر بھی کام کیا جا رہا ہے تاکہ صنعتوں کی سرگرمیاں بھی متاثر نہ ہوں اور شہریوں کو ٹریفک جام کی مشکلات سے بھی نجات مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ حب میونسپل کارپوریشن اپنے محدود مالی وسائل کے باوجود عوام کو بہتر شہری سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے، تاہم حب جیسے تیزی سے ترقی کرنے والے صنعتی شہر کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے اربوں روپے کے ترقیاتی فنڈز درکار ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ وفاقی اور بلوچستان حکومت حب کی قومی معاشی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے خصوصی ترقیاتی پیکیج فراہم کریں گی تاکہ شہر کے انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کیا جاسکے۔ میئر گل حسن محمد حسنی نے کہا کہ حب ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ بندرگاہوں سے آنے اور جانے والی تجارتی و صنعتی سرگرمیوں کا بڑا بوجھ حب برداشت کرتا ہے، اس لئے وفاقی حکومت کو بھی چاہیے کہ قومی تجارت اور صنعتی نقل و حمل کے اس اہم مرکز کی ترقی کے لئے خصوصی مالی معاونت فراہم کرے تاکہ سڑکوں، پلوں، انڈر پاسز اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 7

واٹر پیوریفیکیشن پلانٹ سیل جبکہ 53 اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ کارروائیوں کے دوران جنرل اسٹورز، نان شاپس، پکوڑا و سموسہ شاپس، ریسٹورنٹس، بیکنگ یونٹس، فاسٹ فوڈ پوائنٹس اور واٹر پلانٹس کا معائنہ کیا گیا جہاں صفائی، فوڈ سیفٹی ایس او پیز، لیبلنگ، اسٹوریج، رجسٹریشن اور ورکرز کی ذاتی صفائی سے متعلق مختلف خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ کے نواں کلی، ایئرپورٹ روڈ، طوغی روڈ، کاسی روڈ، علمدار روڈ، اسپنی روڈ اور اے ون سٹی میں کارروائیوں کے دوران ایک غیر رجسٹرڈ واٹر پلانٹ کو لیبارٹری رپورٹس، رجسٹریشن، مناسب لیبلنگ اور حفظانِ صحت کے تقاضے پورے نہ کرنے پر سیل کر دیا گیا جبکہ پانچ دیگر مراکز مالکان کو ناقص صفائی، غیر معیاری اسٹوریج، ایکسپائرڈ اشیاء کی موجودگی اور دیگر خلاف ورزیوں پر جرمانہ کیا گیا۔ علاوہ ازیں پشین میں ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ دودھ میں ملاوٹ کے خلاف مشترکہ کریک ڈاؤن کے دوران متعدد مراکز کا معائنہ کیا گیا، اس دوران دودھ دہی میں ملاوٹ پر 4 مراکز پر جرمانے عائد کیے گئے۔ اسی طرح جبکہ دالبندین میں ریسٹورنٹس، نان شاپس اور جنرل اسٹورز کے خلاف صفائی کی خراب صورتحال، ممنوعہ اشیاء اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔

بقیہ 8

امتحان میں مجموعی طور پر 2 ہزار 316 امیدوار شریک ہوئے، جن میں سے ایک ہزار 371 امیدوار کامیاب قرار پائے۔ اس طرح کامیابی کا مجموعی تناسب 59.19 فیصد رہا۔ امتحان میں جنرل پوزیشنز حاصل کرنے والوں میں پہلی پوزیشن گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ فار گرلز، کوئٹہ کی طالبہ نوفیہ فیصل نے کمپیوٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی میں 3 ہزار 200 میں سے 2 ہزار 830 نمبر (88.43 فیصد) حاصل کر کے اپنے نام کی۔ دوسری پوزیشن اسی ادارے کی گل از کا رائے نے فیشن ڈیزائننگ میں 3 ہزار 150 میں سے 2 ہزار 752 نمبر (87.36 فیصد) حاصل کی، جبکہ تیسری پوزیشن بی بی مناہل نے کمپیوٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی میں 3 ہزار 200 میں سے 2 ہزار 789 نمبر (87.15 فیصد) حاصل کر کے کامیابی حاصل کی۔ نتائج کے اعلان کے موقع پر بلوچستان بورڈ کے سیکرٹری ضیاء الرحمٰن خلجی، ڈائریکٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن انجینئر عارفہ علی، ایڈیشنل کنٹرولر (ٹیکنیکل) سلیمان شاہ، ڈپٹی کنٹرولر (ٹیکنیکل) محمد آصف، ایڈیشنل سیکرٹری شمس اللہ، ڈیٹا پروسیسنگ مینیجر محمد خالد، ڈپٹی ڈائریکٹر ریسرچ ہارون خان اور کمپیوٹر پروگرامر ایاز نور بھی موجود تھے۔ اس موقع پر کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر ضیاء الحق کاکڑ نے کامیاب امیدواروں، بالخصوص نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ 9

پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر کوئٹہ سمیت صوبے کی ساتوں رینجز میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس رکھنے اور قانون پسند شہری کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی مہم جاری ہے۔ ہیڈ آوٹ کے مطابق جاری مختلف کارروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان کے قبضے سے 83 ریوالور و پسٹل، 7 کلاشنکوف، 9 شارٹ گن/ رائفل، 550 گولیاں اور کارتوس جبکہ 57 میگزین بھی برآمد کیے گئے۔ بلوچستان پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 133 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 305 کلو 831 گرام چرس، 9 کلو 370 گرام آئس شیشہ، 1 کلو 200 گرام افیون، 45 گرام کرسٹل، 230 گرام ہیروئن اور 52 عدد شراب کی بوتلیں برآمد کیں۔ پریس ریلیز کے مطابق مہم کے دوران 56 اشتہاری، 249 مفرور اور مختلف جرائم میں ملوث 369 ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے جبکہ 11 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرایا گیا۔ پریس ریلیز کے مطابق 7 مسروقہ گاڑیاں، 25 موٹر سائیکلیں اور 8 موبائل فون بھی برآمد کیے گئے۔ بلوچستان پولیس نے مختلف وارداتوں کے دوران چوری کی گئی 3 ہزار روپے کی نقدی رقم کے ساتھ 2.25 گرام سونا، 50 کاٹن ایرانی سگریٹ اور 96 کلو 672 پیکٹس گٹکا بھی برآمد کر لی۔ پریس ریلیز کے مطابق دفعہ 550 اور دفعہ 114 کی خلاف ورزی پر 3 گاڑیاں اور 4 موٹر سائیکلیں کو تحویل میں لے لیا گیا جبکہ 2701 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے گئے۔ ترجمان کے مطابق عوام اور پولیس کے مابین تعاون کی فروغ کے لئے پولیس اہلکاروں کو عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام پر مبنی رویہ اپنانے جبکہ تھانوں کی سطح پر سائلین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے و شفاف سطح پر کارروائی کی بھی ہدایات کی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا ہے کہ گرفتار ملزمان کے جرائم کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرنے کے لیے دیگر صوبوں کی پولیس سے مدد اور گرفتار ملزمان کا ڈیٹا کا تبادلہ کا تسلسل بھی جاری ہے جبکہ دیگر صوبوں سے جرائم میں ملوث ملزمان کی با آسانی نقل و عمل کا تدارک بھی جاری ہے

بقیہ 10

منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا دورے کے دوران بلیک ٹاپ روڈ رسول بخش بگٹی، بلیک ٹاپ روڈ امام بخش بگٹی، بلیک ٹاپ روڈ شمہ واہ اور بلیک ٹاپ روڈ سلطان کوٹ سمیت اہم شاہراہوں کی تعمیر و مرمت کے معیار کا بغور جائزہ لیا گیا مزید برآں گورنمنٹ شیلٹر لیس بوائز پرائمری سکول گوٹھ دادن خان جھکرانی سمیت دیگر جاری و مکمل ترقیاتی منصوبوں کا بھی معائنہ کیا گیا، جہاں تعمیراتی معیار، استعمال شدہ میٹریل اور کام کی رفتار کو خصوصی طور پر جانچا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بشیر احمد نے متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا معیار میں کمی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ ترقیاتی اسکیموں کی شفافیت، اعلیٰ معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبے عوام کو بہتر سفری سہولیات اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں گے

بقیہ 11

وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے فرض شناسی، بہادری اور جرات کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان میں شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی میت منتقل کیے جانے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد عناصر کی بزدلانہ کارروائیاں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ پولیس اور سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے پوری قوت، عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیتی رہیں گی۔ ڈی آئی جی ایاز احمد بلوچ نے کہا کہ ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رہیں گی اور شہداء کے خون کا ہر قیمت پر حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی خدمات، بہادری اور قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ان کی شہادت پولیس فورس کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے

بقیہ 12

کارروائی کے دوران پانچ گاڑیاں بھی اپنی تحویل میں لے لیں۔ پولیس کے مطابق کارروائی ڈی آئی جی مکران رینج عمران قریشی اور ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمٰن کی ہدایت پر نیو ملا بند کے علاقے میں کی گئی۔ گرفتار ملزمان میں نادر شاہ ولد قادر داد شاہ، سکنہ آواران حال گوادر، عبدالماجد ولد شیر محمد، سکنہ پنجگور حال گوادر، اور ظہیر الدین شاہ ولد عطاء محمد شاہ، سکنہ آواران حال گوادر شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق متاثرہ افراد کو روزگار کا جھانسہ دے کر پنجاب سے گوادر بلایا گیا، جہاں انہیں یرغمال بنا کر ان کے اہلِ خانہ سے رقم منگوانے کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے، جبکہ واقعے میں ملوث دیگر افراد کی گرفتاری کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں

بقیہ 13

حکام تعمیراتی کام سے باز نہ آئے تو بلوچستان اریگیشن حکام ضلع ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان اور ضلع صحبت پور فریدہ ترین کی ہدایت پر ان کی انتظامیہ کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر کام رکوانے کی کوشش کی، تاہم وہاں موجود گورنمنٹ کنٹریکٹر شیر محمد مغیری کے مشتعل افراد نے شدید ہنگامہ آرائی کرتے ہوئے سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نصیرآباد سرکل وایگزیکٹو انجینئر اریگیشن ڈرینج مدثر ظفر کھوسہ پر مبینہ طور پر پتھراؤ کی کوشش کی اور ان کا موبائل فون بھی چھین لیا۔ صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی، صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ اور کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایات پر مدثر ظفر کھوسہ نے اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ کے ہمراہ متنازعہ جیکب آباد سم نالے کے جاری کام کا جائزہ لیا، جہاں ڈی ایس پی عبدالحمید کھیم اور پولیس اہلکار بھی موجود تھے۔ اس دوران سندھ سے تعلق رکھنے والے مشتعل عناصر نے مبینہ طور پر دھمکیاں دیتے ہوئے تعمیراتی کام جاری رکھنے کا اعلان کیا، تاہم مدثر ظفر کھوسہ نے دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ متنازعہ جیکب آباد سم نالے کو کسی صورت بلوچستان کے مین حیردین ڈرینج سسٹم میں شامل نہیں ہونے دیا جائے گا، دھونس، دھمکیوں اور طاقت کے زور پر بلوچستان کے اضلاع کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اور بین الصوبائی منظوری کے بغیر سندھ اریگیشن کو بلوچستان کی حدود میں ایک انچ بھی تعمیراتی کام جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 14

نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر افسران اور اہلکار قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشتگردی انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے اور ایسے عناصر بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کے لیے قومی اتحاد، ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون اور عوام کی مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز، پولیس، ایف سی اور لیویز کے جوان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہے ہیں

بقیہ 15

اور جماعتی فعالیت کے لیے نہایت نیک شگون ثابت ہوں گے۔ ان دوروں کا بنیادی مقصد جماعت کے تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانا یونٹ سطح پر جماعتی سرگرمیوں کو فعال کرنا کارکنان کے ساتھ رابطے کو مستحکم بنانا اور تنظیمی ذمہ داریوں کو موثر انداز میں آگے بڑھانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیمی دوروں کی تکمیل کے بعد ضلع کوئٹہ کے چاروں ٹاؤنز میں عظیم الشان علما کونشنز منعقد کیے جائیں گے جبکہ جمعیت علما اسلام میں نئے شامل ہونے والے کارکنان کے اعزاز میں پروقار استقبالیہ تقریب کا بھی اہتمام کیا جائے گا تاکہ انہیں جماعتی نظم سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ ان کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے نمائندہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 16

پیٹرولیم لیوی عوام پر اضافی مالی دباؤ ہے جسے ختم کیے بغیر معاشی مشکلات کا خاتمہ ممکن نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد کی ناظمہ قدسیہ ناموس نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنا دی ہے جبکہ اس کے سب سے نمایاں اثرات گھریلو بجٹ اور خواتین پر مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات، بجلی، گیس اور اشیائے خورد و نوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے متوسط اور کم آمدنی والے خاندانوں کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے، خواتین محدود آمدنی میں خوراک، بچوں کی تعلیم، علاج معالجے اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنے کیلئے مسلسل دباؤ کا شکار ہیں۔ مہنگائی اب محض ایک معاشی مسئلہ نہیں رہی بلکہ یہ لاکھوں خاندانوں کیلئے باوقار زندگی، بہتر تعلیم، صحت اور غذائی تحفظ کا مسئلہ بن چکی ہے۔ قدسیہ ناموس نے کہا کہ حکومت عوام پر مزید ٹیکسوں، ڈیوٹیز اور لیویز کا بوجھ ڈالنے کے بجائے اپنے غیر ضروری اخراجات میں کمی کرے اور عوام کو حقیقی اور فوری ریلیف فراہم کرے۔ عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، اس لیے مزید معاشی بوجھ ان کیلئے ناقابل برداشت ہے، 7 اگست کو جماعت اسلامی پاکستان کی جانب سے مہنگائی اور عوام پر بڑھتے ہوئے معاشی بوجھ کے خلاف ہونے والا احتجاج دراصل عوام کے بنیادی معاشی حقوق کی آواز ہے یہ احتجاج ان تمام خاندانوں کی آواز ہے جو مسلسل بڑھتی قیمتوں کے باعث اپنے بچوں کی ضروریات پوری کرنے اور گھر کا بجٹ متوازن رکھنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں

بقیہ 17

اجلاس میں مون سون سیزن کے پیشِ نظر ضلعی انتظامیہ کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر مشینری اور افرادی قوت کی دستیابی، حساس مقامات کی نشاندہی، آب کے موثر انتظامات، فلڈ پروٹیکشن اقدامات اور مختلف اداروں کے درمیان رابطہ کاری جیسے اہم امور پر غور کیا گیا ڈپٹی کمشنر نے محکمہ آبپاشی کو ہدایت کی کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مشینری اور عملے کی دستیابی ضلعی ہیڈکوارٹر میں یقینی بنائی جائے، جبکہ حساس مقامات پر بروقت وسائل کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کو ہدایت کی گئی کہ مون سون کے دوران ضروری ادویات کا وافر ذخیرہ یقینی بنایا جائے اور تمام طبی مراکز کو مکمل فعال رکھا جائے، تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں عوام کو فوری اور موثر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے تمام محکموں پر زور دیا کہ وہ اپنی استعداد کار کو مزید بہتر بنائیں اور افرادی قوت، مشینری، ادویات اور امدادی سامان کی ہمہ وقت دستیابی کو یقینی بنائیں اجلاس میں غیر سرکاری تنظیموں کے کردار کو بھی سراہا گیا اور متاثرہ طبقات کو بروقت امداد کی فراہمی کے حوالے سے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے پیشگی منصوبہ بندی، حساس مقامات کی مسلسل نگرانی اور فوری ردعمل کے نظام کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کی، تاکہ کسی بھی ممکنہ آفت کی صورت میں عوام کی جان و مال کا بھرپور تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 18

تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر تمام متعلقہ محکموں کی ذمہ داریوں کا واضح تعین بھی کیا گیا تاکہ تقریبات کو منظم اور موثر انداز میں منعقد کیا جاسکے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی نکالی جائے گی اور ان کی جدوجہد آزادی کو اجاگر کیا جائے گا انہوں نے مزید بتایا کہ 14 اگست یوم آزادی کی تقریبات کے پروگرام کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، جس کے مطابق صبح 8:30 بجے پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوگی جبکہ 9:00 بجے باقاعدہ تقریبات کا آغاز کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس موقع پر قائد اعظم محمد علی جناح کی جدوجہد اور قربانیوں پر تقاریر کی جائیں گی تاکہ نئی نسل کو قیامِ پاکستان کی اہمیت اور اس کے تاریخی پس منظر سے روشناس کرایا جاسکے ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعلیم کے افسران کو ہدایت کی کہ کالجز اور اسکولوں کی سطح پر بھرپور تقریبات کا انعقاد کیا جائے اسپورٹس آفیسر کو ہدایت دی گئی کہ وہ ہفتہ بھر کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد یقینی بنائیں تاکہ نوجوانوں میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے۔ مزید برآں، تمام ضلعی سربراہان کو ہدایت کی گئی کہ سرکاری دفاتر کو خوبصورتی سے سجایا جائے تاکہ جشنِ آزادی کی مناسبت سے قومی جوش و جذبہ نمایاں ہو ڈپٹی کمشنر نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو ہدایت کی کہ 4 اگست کو چہلم کے موقع پر اور دیگر تقریبات کے دوران ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری یقینی بنائی جائے

بقیہ 19

جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے اور امن کے قیام کے لیے تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ شب و روز کام کر رہے ہیں۔ حکومت کی مربوط حکمتِ عملی اور سیکیورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ کاوشوں کے نتیجے میں امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے اور عوام کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ حکومت دہشت گردی، انتہاپسندی اور جرائم کے خاتمے کے لیے اپنی کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھے ہوئے ہے اور امن دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون کے بغیر پائیدار امن کا خواب مکمل نہیں ہوسکتا، اس لیے شہری قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون جاری رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ داخلہ بلوچستان امن و امان کے قیام، عوام کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار استحکام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن ہی ترقی، سرمایہ کاری، کاروباری سرگرمیوں اور خوشحالی کی بنیاد ہے، اور حکومت بلوچستان صوبے کو ایک پرامن، محفوظ اور ترقی یافتہ خطہ بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 20

تمام بی ایچ یو انچارجز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی، کارکردگی، جوابدہی اور رپورٹنگ نظام کو مزید موثر بنانے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر AI فریم کے تحت حاضری، DHIS-2 رپورٹنگ، قبل از پیدائش (ANC) اور بعد از پیدائش (PNC) خدمات، ریکارڈ کی درستگی، ملیریا کی اسکریننگ کے لیے RDT کے موثر استعمال، خاندانی منصوبہ بندی کی معیاری خدمات اور ڈیٹا کے معیار کو بہتر بنانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ نے ہدایت کی کہ تمام بی ایچ یو انچارجز مقررہ وقت پر درست رپورٹس جمع کرانے، مکمل ریکارڈ برقرار رکھنے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء نے ضلع سبی میں صحت کی خدمات کے معیار اور کلیدی کارکردگی کے اشاریوں کو مزید بہتر بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 21

خیز گرمی اور دم گھٹنے والی حبس کی وجہ سے انسانی زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی دم گھٹنے اور گرمی لگنے سے ڈیرہ مراد جمالی میں ایک شہری جاں بحق ہو گیا جن کی لاش ٹراما سینٹر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دی گئی ہے جبکہ گرمی اور حبس سے درجنوں افراد بے ہوش ہو گئے جن کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے، جن میں چھوٹے بچے خواتین اور بزرگ افراد شامل ہیں ڈیرہ مراد۔ جمالی میں بجلی کی طویل ترین بندش سے شہری چیخ اٹھے جبکہ ڈیرہ مراد جمالی غربی اور شرقی ایریاز کے متعدد ٹرانسفارمرز بند کر دیے گئے ہیں جس سے گرمی اور حبس میں عوام کا جینا حرام کر دیا گیا ہے غربی اور شرقی ڈیرہ مراد جمالی کے بلدیاتی کونسلران معززین نے کیسکو ڈیرہ مراد جمالی کے خلاف شکایات درج کراتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے باوجود شدید گرمی میں انکے ٹرانسفارمرز بغیر کسی وجہ بتائے بند کر دیے جاتے ہیں اور شدید گرمی میں اس وقت ڈیرہ مراد جمالی کی نصف ابادی کے ٹرانسفارمر بند ہونے سے ڈیرہ مراد جمالی کی بیشتر ابادی نقل مکانی شروع کر دی ہے شہریوں نے کیسکو ڈیرہ مراد جمالی کے ذمے دار افسران اور اہلکاروں پر الزام عائد کیا ہے وہ فی ٹرانسفارمر پر مبینہ طور پر بھتہ اور منتھلی پچاس ہزار روپے سے لیکر ایک لاکھ روپے اور ڈیڑھ لاکھ روپے ماہوار وصول کر رہے ہیں جو کہ کروڑوں روپے بنتے ہیں منتھلی نہ دینے کی صورت میں ٹرانسفارمر بند کر دیے جاتے ہیں شہریوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری چیف جسٹس کیسکو بلوچستان اور ایف آئی اے سے اپیل کی ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی میں کیسکو کی لوٹ مار مبینہ منتھلی وصولی کا نوٹس لیا جائے اعلیٰ سطح پر تحقیقات ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا کر شہریوں کو عذاب سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 22

میں ایڈیشنل آئی جی سندھ آزاد خان، ایڈیشنل آئی جی۔ سی ٹی ڈی ذوالفقار لاڑک۔ ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ اور ڈی آئی جی اسد رضا شریک اجلاس میں کراچی سے ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی اور ایس ایس پی کیماڑی سنگھار ملک، ایس ایس پی سی ٹی ڈی عرفان بہادر بھی شریک اجلاس میں بلوچستان پولیس ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر، ایس ایس پی حب مرزا بلال حسن، ڈی ایس پی حب امام بلوچ، آر او اسپیشل برانچ ذوالفقار بلو بھی شریک تھے اجلاس میں سندھ اور بلوچستان کے بارڈر پر سیکورٹی کو مزید موثر بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے جس کے تحت سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں نئی چیک پوسٹیں تعمیر کی جائیں گی دونوں صوبوں کو ملانے والی سڑکوں اور دیگر راستوں پر سندھ اور بلوچستان پولیس کی مشترکہ گشت کے حوالے سے بھی غور کیا گیا دونوں صوبوں کے پولیس افسران کا مستقبل میں بھی جرائم کے خاتمے کے لئے باہمی رابطوں کو مزید بہتر کرنے کا عزم کیا گیا اور اس حوالے سے اگلا اجلاس سندھ میں ہوگا

بقیہ 23

میں منعقد کئے جائیں گے۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر کیچ اسرار اقبال دشتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان رائز پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کی پیشہ ورانہ اور ڈیجیٹل اسکلز میں اضافہ کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ رائز پروگرام کے یہ جدید ڈیجیٹل شارٹ کورسز نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کی جانب ایک انقلابی قدم ہیں ہے۔ بی آر ایس پی رائز پروجیکٹ کے ریجنل منیجر التازخی نے حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس مہینے کے اوائل میں حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام اور یونیورسٹی آف تربت کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے جس کے تحت تربت یونیورسٹی موجودہ دور کی مارکیٹ کے تقاضوں کے عین مطابق نوجوانوں کو ڈیجیٹل اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرے گی۔ اپنے استقبالیہ خطاب میں ڈین فیکلٹی آف لاء ڈاکٹر مظفر حسین نے حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس جدید دور میں تعلیمی نظام، کمپیوٹر لیبز، ڈیجیٹل وسائل اور انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ جامعہ تربت کے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد نے کہا کہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی قیادت اور قابل اساتذہ و ماہر انسٹرکٹرز کے تعاون سے تربت یونیورسٹی طلبہ کے اس ڈیجیٹل سفر میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی

بقیہ 24

نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان کو سرمایہ کاروں کے لیے ایک پرکشش اور محفوظ سرمایہ کاری کی منزل بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ حکومت کی پالیسیوں کے نتیجے میں مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، جس سے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ بلال خان کاکڑ نے اس عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت، موثر رہنمائی اور ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ سے نہ صرف صوبے کی معیشت مستحکم ہوگی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے اور بلوچستان ترقی و خوشحالی کی راہ پر مزید گامزن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، معدنیات، زراعت، توانائی، سیاحت اور دیگر اہم شعبوں میں بے پناہ سرمایہ کاری کے مواقع رکھتا ہے، جن سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے صوبے کی معاشی ترقی کو نئی رفتار دی جاسکتی ہے۔

بقیہ 25

کے دوران تین افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں تاہم مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور حالات پر قابو پا کر مزید تحقیقات شروع کر دی۔

بقیہ 26

مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ بلوچ عوام میں احساسِ محرومی اور مایوسی بھی بڑھ رہی ہے۔ کوئٹہ میں صحافیوں کے ایک گروپ سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے مختلف مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ وفاق اور متعلقہ ادارے سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام جمہوری قوتوں کو ساتھ لے کر چلیں۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی مکالمہ ہی دیرپا امن اور استحکام کی ضمانت بن سکتا ہے۔ میر عبدالرحیم جنگ نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل بلوچ عوام کے آئینی، جمہوری اور سیاسی حقوق کی آواز بلند کر رہے ہیں، مگر انہیں اس جدوجہد کی سزا دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشروں میں اختلافِ رائے کو برداشت کیا جاتا ہے اور سیاسی مسائل کو سیاسی انداز میں حل کیا جاتا ہے، لہٰذا سیاسی قیادت کو دیوار سے لگانے کی روش کسی بھی صورت مسائل کا حل نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں اعتماد سازی کے اقدامات کیے جائیں، سیاسی کارکنوں اور قیادت کے تحفظات دور کیے جائیں، آئین اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان بامقصد مذاکرات کا آغاز کیا جائے تاکہ صوبے میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی ہر سطح پر جمہوری اور آئینی جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے حقوق کے حصول کے لیے اپنی پرامن سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 27

سیاسی اور تنظیمی کارکردگی رپورٹس بھی پیش کی گئیں۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد، عوامی رابطہ مہم شروع کرنے، شمولیتی پروگراموں کے انعقاد اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنانے کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔ شرکا نے ضلع کوئٹہ کی تمام تحصیلوں، علاقائی یونٹس اور ابتدائی یونٹس میں تنظیمی سرگرمیوں کو تیز کرنے، پارٹی رکنیت مہم جلد مکمل کرنے اور اگست کے دوران باقی ماندہ کانفرنسز مکمل کرنے پر زور دیا۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر میں امن و امان کی صورتحال، چوری، ڈکیتی، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گیس کی بندش اور کم پریشر، روزگار کے مسائل اور شہری سہولیات کی خراب صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ پارٹی رہنماں نے الزام عائد کیا کہ صوبائی دارالحکومت کو دانستہ طور پر مسائل کا شکار بنایا جا رہا ہے، جبکہ عوام کو بنیادی سہولیات، روزگار اور امن کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے۔ اجلاس میں منشیات کے بڑھتے رجحان اور نوجوانوں کو درپیش مسائل پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس یکم اگست 2026 بروز ہفتہ شام ساڑھے چار بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں طلب کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ تمام اراکین کو اجلاس میں بروقت شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 28

سماجی رہنماؤں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری سے زمیندار کسان اتحاد کے سربراہ آغا لعل جان احمدزئی ایم سی کونسلر احمد نواز بلوچ مولانا ثناء اللہ محمد مراد اور دیگر نے مسائل اجاگر کیئے۔ کھلی کچہری میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ زمینداروں کو درپیش مسائل زیرِ زمین پانی کی سطح نیچے جانے سے درپیش مشکلات سیلاب متاثرین کو امدادی رقوم کی عدم فراہمی کا ٹیلی میں حفاظتی بند کی عدم تعمیر زاوہ ڈیم کی تعمیر میں تاخیر مسلم محلہ اور کوئنگ میں پینے کے پانی کی قلت اور دیگر اہم مسائل اجاگر کیئے گئے۔

بقیہ 1

دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے، جبکہ خلیجی ممالک پر ہونے والے حملوں کی بھی شدید مذمت کی ہے۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف سے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے ملاقات کی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرائے دفاع، تجارت، قومی غذائی تحفظ و تحقیق، مواصلات، بحری امور اور پیٹرولیم، وزیراعظم کے مشیر اور حکومت کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علاقائی صورت حال، باہمی دلچسپی کے امور اور مستقبل میں اعلیٰ سطح کے وفود کے تبادلے اتفاق کیا گیا۔ فریقین نے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا لاور خلیجی ممالک پر ہونے والے حملوں کی شدید مذمت کی گئی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے کویتی وزیر خارجہ کا خیر مقدم کیا اور امیر کویت شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح اور ولی عہد شیخ صباح الخالد الحمد المبارک الصباح کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور کویت کے درمیان مشترکہ اقدار اور باہمی اعتماد پر استوار دیرینہ برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں برادر ممالک نے ہر مشکل اور ہر خوشی کے موقع پر ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔ علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کویت کی قیادت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی مکمل یک جہتی کا اعادہ کیا اور جاری تنازع کے دوران کویت اور دیگر برادر خلیجی ممالک پر ہونے والے حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لیے ایک دیانت دار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور ان کوششوں کی حمایت پر کویتی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، بحری امور اور افرادی قوت کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں کویت کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ 2

کے عام انتخابی حلقوں کے ساتھ مہاجرین کی 12 نشستوں پر بھی پولنگ ہوگی۔ ذرائع کے مطابق دوسرے مرحلے میں دارالحکومت مظفرآباد سمیت وادی نیلم، باغ اور مہاجرین جموں و ویلی کی 21 نشستوں پر سیاسی میدان سج گیا، 17 لاکھ سے زائد ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے جن میں مظفرآباد ڈویژن کی 9 عام نشستیں اور جموں و ویلی مہاجرین کی 12 نشستیں شامل ہیں۔ نیلم کے دو حلقے LA-25 نیلم ون اور LA-26 نیلم ٹو بھی دوسرے مرحلے میں ووٹ ڈالیں گے۔ مظفرآباد ضلع کی 5 نشستیں سیاسی معرکے کا سب سے بڑا میدان بنیں گی۔ LA-27 مظفرآباد ون، LA-28 مظفرآباد ٹو، LA-29 مظفرآباد تھری، LA-30 مظفرآباد فور، LA-31 مظفرآباد فائیو۔ یہ وہ حلقے ہیں جہاں تمام بڑی سیاسی جماعتوں نے اپنی تمام تر توانائیاں جھونک دی ہیں

بقیہ 3

خیال اور برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے پاکستان میں متعین کویتی سفیر ناصر عبدالرحمان جے المطیری کی ہمراہ جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی کا دورہ کیا اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کویت کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کویتی وزیر خارجہ نے خطے میں امن، استحکام اور سیکیورٹی کے فروغ کیلئے پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط شراکت داری کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کویت کیساتھ پاکستان کے مضبوط اور دیرینہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے پختہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور کویت علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے مشترکہ وژن رکھتے ہیں اور دونوں ممالک باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پر عزم ہیں۔

بقیہ 4

سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے بہترین تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کا انتظام اولین ترجیح ہے، نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں اور کاروباری صلاحیتوں سے آراستہ کرنا ضروری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، ہنر مند افرادی قوت معیشت، صنعت اور معاشرتی تنوع میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ شہباز شریف نے روزگار کیلئے جامع حکمت عملی پر بھرپور انداز میں کام کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم یافتہ اور ہنر مند نوجوان ہماری قوم کے تابندہ مستقبل کے ضامن ہیں۔

بقیہ 5

انہوں نے کہا کہ اپنی جان کو لاحق خطرات کے باوجود میں دسمبر تک وطن واپس جانے کے لیے پرعزم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وطن واپسی پر مجھے قتل کیا جاسکتا ہے، جبکہ گرفتار کر کے جیل بھی بھیجا جاسکتا ہے۔ شیخ حسینہ کا کہنا تھا کہ میں اپنے انجام سے پوری طرح واقف ہوں پھر بھی میں واپس جانا چاہتی ہوں، کیونکہ میرے لوگ مجھے پکار رہے ہیں۔

بقیہ 6

اداروں کو میسر کرنے کے لیے فوری طور پر موثر اقدامات اٹھائے جائیں، پبلک سیکٹر میں قومی سطح پر ایک مربوط ڈیٹا سینٹر ہی تمام اداروں کے ڈیٹا کو مرکوز جگہ فراہم کرے گا اور مختلف اداروں کے علیحدہ علیحدہ ڈیٹا سینٹرز کے قیام کو روکنے سے قومی وسائل کی بچت ہوگی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سطح کی مربوط ڈیجیٹل پالیسی فریم ورک پر عمل درآمد پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم نے ہدایات دی کہ وفاقی حکومت کے زیر انتظام نئے قائم کردہ قومی سطح کے مرکزی ڈیٹا سینٹر sky 47 کی سہولیات تمام وفاقی اداروں کو میسر کرنے کے لیے فوری طور پر موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پبلک سیکٹر میں قومی سطح پر ایک مربوط ڈیٹا سینٹر ہی تمام اداروں کے ڈیٹا کو مرکوز جگہ فراہم کرے گا اور مختلف اداروں کے علیحدہ علیحدہ ڈیٹا سینٹرز کے قیام کو روکنے سے قومی وسائل کی بچت ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی حکومتی خدمات، معاشرتی نظام بالخصوص عوام کو شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے فعال متعدد اور انقلابی سمت کا تعین کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق قومی ڈیجیٹل ویژن کا اطلاق ایک مربوط معاشرے کی تشکیل میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ قومی ومربوط ڈیجیٹل ویژن کے تحت ڈیجیٹل معیشت، ڈیجیٹل شہری سہولیات اور ڈیجیٹل حکومتی خدمات، تین بنیادی ستون پر جاری کام لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مربوط ڈیجیٹل پالیسی پر موثر عمل درآمد سے عالمی شراکت داری اور عالمی فورمز پر ملک کی موثر نمائندگی یقینی بنائی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں اور وفاقی وصوبائی حکومت کی مشاورت سے قومی ڈیجیٹل ویژن پر مکمل عمل درامد سے اداروں کی فیصلہ سازی، کارکردگی اور شفافیت عالمی معیار سے ہم آہنگ ہوجائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قومی ڈیجیٹل ویژن کا اطلاق پہلے ترجیحاتی شعبے بشمول صحت، زراعت، یوٹیلیٹیز، ہاؤسنگ اور (SMEs) چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی وتجارتی اداروں کے لئے کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات جلد از جلد پہنچائی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی ڈیجیٹل ویژن کے مکمل اطلاق کے بعد شہریوں کو ایک ہی ڈیجیٹل آئی ڈی کے تحت تمام تر عوامی سہولیات بشمول دستاویزات کی حکومتی تصدیق، بنک کی سہولیات، صحت، ٹرانسفرز اور دیگر تمام سہولیات ایک ہی جگہ میسر ہوسکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈیجیٹل کمیشن کا اجلاس جلد بلایا جائے تاکہ صوبوں سمیت تمام شراکت داروں کو اس پالیسی پر اعتماد میں لیا جائے۔ ڈیجیٹل نیشن پاکستان ایکٹ 2025 کے تحت قائم کردہ نیشنل ڈیجیٹل کمیشن کے سربراہ وزیر اعظم پاکستان ہیں اور تمام صوبائی وزرائے اعلیٰ اسکے ممبران ہیں۔ وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق قومی ڈیجیٹل ویژن کا اطلاق، زراعت، خوراک، صحت، انرجی، ہاؤسنگ اور (SMEs) چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی و تجارتی اداروں کے شعبوں میں کیا جارہاہے۔

بقیہ 7

کنی ومعدنیات، دفاع اور وسیع تر اقتصادی شراکت داری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ممالک نے ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنانے اور اعلیٰ سطح کے رابطوں کے باقاعدہ تبادلے کے ذریعے دوطرفہ تعاون کو مزید موثر اور منظم بنانے پر اتفاق کیا۔ فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر کثیر جہتی فورمز میں قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے اپنے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ کویت کے وزیر خارجہ نے حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے کویتی وفد کے لیے پرتپاک استقبال اور پرخلوص مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کووڈ 19 وباء کے دوران کویت کی حمایت پر پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ نے کویت کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس خواہش کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کو تمام شعبوں میں مزید وسعت دیں۔ فریقین نے مشرق وسطی اور فلسطین کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ کویت کے وزیر خارجہ نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو بھی سراہا۔

بقیہ 8

کی صورت میں پھینکے گئے کچھڑوں پر لڑائی ہورہی ہے، پٹرولیم لیوی بھتہ کے خلاف سات اگست کا ملک گیر احتجاج عوامی حقوق کی جنگ ہے، مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں اور ظالمانہ ٹیکسوں کے ستائے لوگ مزید خاموش نہیں رہیں گے۔ حکمرانوں نے غریب پر تعلیم کے دروازے بند کردیے، بنو قابل ملک بھر کے نوجوانوں کے لیے امید کی کرن بن گیا۔ ان خیالات کا اظہار ملتان میں الخدمت فاؤنڈیشن کے بنو قابل پروگرام کی گریجویشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے امیر جماعت اسلامی پنجاب جنوبی سید ذیشان اختر، قیم پنجاب جنوبی ثنا اللہ، امیر ضلع صہیب عمار صدیقی، صدر الخدمت پنجاب جنوبی احمد عمار یاسر، صدر الخدمت ملتان سید عبدالقادر شاہ نے بھی خطاب کیا۔ کامیاب ہونے والے طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد تقریب میں شریک تھی۔ امیر جماعت اسلامی نے طلبہ کے تیار کردہ مختلف منصوبوں کے سٹالز کا دورہ بھی کیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ 7 اگست کو تمام اضلاع کو جوڑنے والی سڑکیں بند ہوں گی، لاکھوں نوجوان موٹر سائیکلوں کو سڑکوں پر لاکر بند کریں گے، انہوں نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کا احتجاج ہمیشہ کی طرح پرامن ہوگا، یہ جمہوری جدوجہد اور پرامن مزاحمت ہے، عوام گھروں سے نکل کر پٹرولیم لیوی کے خلاف تحریک کا حصہ بنے۔

بقیہ 9

پر سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 32 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ بھارت کی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان جیسے بھارتی پراکسی گروہوں کے خلاف جاری کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے لئے ناگزیر ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے امن، استحکام اور خودمختاری کے خلاف ہر سازش کو قومی عزم اور سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت سے ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 10

سربراہ ذبیح اللہ امیری مسلح افراد کے حملے میں جاں بحق ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ ضلع بہارک میں اس وقت پیش آیا جب ذبیح اللہ امیری اپنے دفتر جا رہے تھے۔ موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح افراد نے بہارک، فیض آباد شاہراہ پر ان کی گاڑی کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے۔ بدخشان کی سیکیورٹی کمان کے ترجمان احسان اللہ کامکار نے بتایا کہ حملے کے بعد ذبیح اللہ امیری کے محافظوں اور حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں ایک حملہ آور مارا گیا جبکہ دوسرے کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزم کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ 11

شدت کے طاقتور زلزلے کے بعد امدادی کارروائیں تیزی سے جاری ہیں، جبکہ ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 13 ہوگئی ہے۔ ریسکیو اہلکار ملبے تلے دبے افراد کو نکالنے کے لیے وقت کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق زلزلے سے کوماموتو کے قریب واقع ایون مال کی عمارت کو شدید نقصان پہنچا۔ زلزلے کے تقریباً ایک گھنٹے بعد وہاں مبینہ طور پر دھماکا بھی ہوا، جس کے بعد عمارت کا بڑا حصہ منہدم ہوگیا۔ ریسکیو ٹیموں نے ملبے سے آٹھ افراد کو زندہ نکالا، تاہم ان میں سے تین بعد میں دم توڑ گئے۔ مال انتظامیہ کے مطابق تقریباً 2,700 ملازمین میں سے چار کارکن تاحال لاپتا ہیں، جبکہ زلزلے کے فوراً بعد تمام خریداروں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا تھا۔ جاپانی وزیراعظم سانائے تاکائچی نے کہا کہ اب بھی کئی افراد امداد کے منتظر ہیں اور ہر لمحہ قیمتی ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ زیادہ سے زیادہ جانیں بچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل استعمال کیے جارہے ہیں

بقیہ 12

مطابق آبنائے ہرمز میں وارننگ نظر انداز کرنے والے 3 آئل ٹینکرز کو بھی روک دیا گیا جبکہ امریکی فوج نے کہا کہ ایران کی حدود سے متعدد بیلسٹک میزائل داغے گئے جنہیں روک لیا گیا۔ امریکی فوج کے مطابق پاسداران انقلاب نے مشرق وسطی میں امریکی اڈوں پر متعدد بیلسٹک میزائل داغے۔ دریں اثناء امریکی سینٹ کام نے کہا کہ امریکا اور سعودی عرب نے عراق میں ایرانی حامی گروپوں کے ٹھکانوں پر حملے کیے جن میں ایران سے وابستہ مسلح گروہوں کو نشانہ بنایا گیا۔ سینٹ کام کے مطابق یہ گروہ امریکی فورسز اور سعودی توانائی ڈھانچے پر حملوں کی تیاری کر رہے تھے، ایران نواز گروہوں کے حملے ناکام بنا دیے گئے۔ دوسری جانب سعودی وزارت دفاع نے اپنے بیان میں کہا کہ عراق میں ایران نواز گروہوں کے ٹھکانوں پر حملے کیے ہیں، حملے امریکی سینٹرل کمانڈ کے ساتھ مل کر کیے۔ سعودی وزارت دفاع کے مطابق ایران نواز گروہوں نے سعودی تیل تنصیبات کو نشانہ بنایا تھا اور یہ کارروائی ان گروہوں کے حالیہ ڈرون حملوں کے جواب میں کی گئی۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایران نے اردن میں واقع امریکی اڈے کی جانب بیلسٹک میزائل داغے تھے۔ دوسری جانب روسی میڈیا کے مطابق ایران نے امریکی اڈوں پر میزائلوں سے حملہ کیا ہے۔

بقیہ 13

کے تحت دیت کی رقم ایک کروڑ 93 لاکھ 52 ہزار 390 روپے مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 323 کے تحت مالی سال 27-2026ء کیلئے دیت کی مالیت 30 ہزار 630 گرام چاندی کی قیمت کے مساوی مقرر کی گئی ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق گزشتہ مالی سال 26-2025ء میں دیت کی رقم 98 لاکھ 28 ہزار 670 روپے مقرر تھی، جبکہ نئے مالی سال کیلئے اس میں 95 لاکھ 23 ہزار 720 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق دیت کی رقم کا تعین قانون کے مطابق چاندی کی مقررہ مقدار کی موجودہ مالیت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، جس کے بعد وزارت خزانہ ہر مالی سال کے لیے اس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرتی ہے۔

بقیہ 14

ہے سیکورٹی ذرائع کے مطابق ضلع کچھی کے علاقے سنی میں دھماکوں کے بعد شدید فائرنگ سے پورا علاقہ گونج اٹھا مقامی آبادی کے مطابق سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ اور جھڑپوں کا سلسلہ کئی گھنٹوں سے جاری رہا ہے جبکہ خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ اس دوران ہلاکتوں اور زخمی ہونے کی بھی غیر مصدقہ اطلاعات بھی ہیں۔

بقیہ 15

سے متعلق تجاویز کے تبادلے پر مزید تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے سرکاری ٹی وی کو بتایا کہ تہران نے عمان کی اس تجویز کو مسترد کر دیا ہے جس میں بحری راستوں کو دونوں ممالک کے درمیان مساوی طور پر تقسیم کرنے کی بات کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے اس کے بجائے تجویز دی ہے کہ آبنائے ہرمز کے اپنی جانب والے حصے میں بحری آمد ورفت کا انتظام تہران کرے، جبکہ مخالف سمت کے راستے کے ایک حصے کا انتظام مسقط کے پاس ہو، تاہم مکمل راستہ عمان کے اختیار میں نہ ہو۔ غریب آبادی نے کہا کہ عمان نے ہمیں تجویز دی تھی کہ آبنائے ہرمز میں ایک راستہ قائم کیا جائے، جس کا 50 فیصد حصہ ہماری علاقائی حدود میں اور 50 فیصد حصہ عمانی علاقائی پانیوں میں ہو۔ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کا راستہ ایسا ہوسکتا ہے کہ وہ ایرانی پانیوں سے داخل ہوں اور عمانی علاقائی پانیوں سے نکلیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمان کے لیے ہماری تجویز یہ ہے کہ آبنائے ہرمز میں ٹرانزٹ روٹ کا ایک حصہ ہماری علاقائی حدود میں ہو، جبکہ دوسرا حصہ عمانی پانیوں سے گزرتا ہے

بقیہ 16

ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر نوجوان آبادی کو معیاری تعلیم، جدید مہارتیں، صحت کی سہولیات اور باوقار روزگار فراہم کیا جائے تو یہی پاکستان کی سب سے بڑی معاشی قوت ثابت ہوگی، بصورت دیگر یہی آبادی مستقبل میں معاشی اور سماجی دباؤ کا سبب بن سکتی ہے۔ بدھ کو اسٹریٹجک ڈائیلاگ اینڈ لانچ آف ڈویلپمنٹ ایڈووکیٹ پاکستان: اے نیشن ایٹ اے ٹرننگ پوائنٹ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ پالیسیوں کا عدم تسلسل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قومی منصوبے کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے کم ازکم دس سے پندرہ سال تک پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہوتا ہے، مگر بدقسمتی سے حکومتوں کی تبدیلی کے ساتھ ہی قومی ترجیحات اور پالیسی فریم ورک بھی تبدیل کر دیے جاتے ہیں، جس کے باعث وژن 2020 اور وژن 2025 جیسے اہم قومی منصوبے اپنے مطلوبہ نتائج حاصل نہ کر سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ بہترین پالیسیاں بھی اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتیں جب تک ان پر مستقل مزاجی اور تسلسل کے ساتھ عمل درآمد نہ کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے ڈویلپمنٹ ایڈووکیٹ پاکستان کے 50 ویں شمارے اور گزشتہ دس برسوں پر مشتمل خصوصی مجموعے کے اجرا کو اہم قومی سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ آبادی سے متعلق قومی وصوبائی تخمینے مستقبل کی ترقیاتی منصوبہ بندی اور شواہد پر مبنی پالیسی سازی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر نے کہا کہ پالیسی سازی خواہشات نہیں بلکہ مستند اعداد وشمار پر استوار ہونی چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی 24 کروڑ 15 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ موجودہ اندازوں کے مطابق یہ تقریباً 26 کروڑ تک پہنچ چکی ہے۔ اگر آبادی میں اضافے کی رفتار برقرار رہی تو 2050 تک یہ تعداد 37 سے 39 کروڑ تک پہنچ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 67 فیصد آبادی تیس برس سے کم عمر نوجوانوں پر مشتمل ہے، جو ملک کا سب سے بڑا قومی سرمایہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی خود تقدیر کا فیصلہ نہیں کرتی بلکہ مؤثر پالیسیاں اسے قومی کامیابی میں تبدیل کرتی ہیں۔ پاکستان اس وقت آبادیاتی ثمر سے فائدہ اٹھانے کے اہم مرحلے میں داخل ہو چکا ہے اور آئندہ برسوں میں کام کرنے کے قابل آبادی میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ تاہم اس موقع سے فائدہ اسی صورت میں اٹھایا جاسکتا ہے جب نوجوانوں کو معیاری تعلیم، فنی و پیشہ ورانہ تربیت، ڈیجیٹل مہارتیں اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ تاہم انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ لاکھوں بچے اب بھی تعلیم سے محروم ہیں جبکہ خواتین کی بڑی تعداد تعلیم، روزگار اور تربیت کے مواقع سے فائدہ نہیں اٹھا پا رہی، جس کے باعث ملک اپنی انسانی صلاحیت سے بھرپور استفادہ نہیں کر رہا۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کا سب سے بڑا چیلنج کمزور سماجی اور اقتصادی ڈھانچہ ہے، جسے مضبوط بنائے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اڑان پاکستان کے تحت حکومت نے انہی ساختی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جامع اصلاحاتی حکمت عملی اختیار کی ہے

بقیہ 17

ایسوسی ایشن کے مطابق 24 کیرٹ فی تولہ سونا 1000 روپے سستا ہوکر 426436 روپے کا ہوگیا، دس گرام سونے کی قیمت 857 روپے کم ہوکر 365600 روپے ہوگئی۔ فی تولہ چاندی کی قیمت 68 روپے بڑھ کر 6291 روپے ہوگئی، دوسری جانب انٹرنیشنل مارکیٹ میں 10 ڈالر سستا ہوکر فی اونس سونا 4040 ڈالر کا ہوگیا۔

بقیہ 18

ملاقات کی۔ وزارت بحری امور سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے فروغ، شپنگ، تجارتی سہولت کاری اور علاقائی روابط کو بہتر بنانے سمیت، بحری تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے پاکستان اور قازقستان کے تعلقات مضبوط بنانے میں سفیر یرزہان کستافین کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بحری شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قازقستان کے ساتھ بندرگاہوں، شپنگ، تجارت میں سہولت کاری اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے جبکہ مضبوط بحری روابط دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کے لیے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کے ذریعے قازق کارگو کے لیے بندرگاہی سہولیات اور معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، جبکہ فری زونز میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات بھی تلاش کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی بندرگاہیں قازقستان اور وسطی ایشیا کے دیگر ممالک کے لیے ٹرانزٹ ہب کا کردار ادا کرتے ہوئے خلیجی ممالک، افریقہ اور جنوب مشرقی ایشیا کی منڈیوں تک رسائی فراہم کرسکتی ہیں۔

بقیہ 19

پابندیوں کی فہرست میں شامل کر دیا ہے۔ امریکی وزارت خزانہ کی ویب سائٹ پر جاری نوٹس کے مطابق یہ پابندیاں ایران کی تیل کی تجارت اور اس کے مبینہ "شیڈو فلیٹ" کے خلاف جاری اقدامات کا حصہ ہیں۔ امریکی محکمہ خزانہ کا کہنا ہے کہ ان پابندیوں کا مقصد تہران کی اس آمدنی کو محدود کرنا ہے جو، امریکی موقف کے مطابق، ایرانی ہتھیاروں کے پروگرامز اور خطے میں اس کے اتحادی گروہوں کی مالی معاونت کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ امریکی حکام کے مطابق نئی پابندیاں ایران کی توانائی برآمدات اور متعلقہ تجارتی نیٹ ورک پر مزید دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ یہ اقدام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطی میں جنگ بندی کے باوجود کشیدگی ایک بار پھر بڑھ رہی ہے اور امریکا وایران ایک دوسرے پر حملوں کے الزامات عائد کر رہے ہیں۔

بقیہ 20

صوبائی کابینہ نے محنت کش طبقے کے بچوں کو معیاری تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے چیف منسٹر اسکالرشپ پروگرام کے فیز تھری کی منظوری دی، جس کے تحت بلوچستان کے رجسٹرڈ مزدوروں کے 300 بچوں کو اسلام آباد کے معیاری بورڈنگ اسکول میں داخلہ دیا جائے گا تاکہ انہیں اعلیٰ معیار کی تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع میسر آسکیں بلدیاتی اداروں کو مزید فعال بنانے کے لیے کابینہ نے یونین کونسل میسی زئی اور یونین کونسل منی زئی کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے جبکہ گلستان میں نئی میونسپل کمیٹی کے قیام کی منظوری دی امن وامان کے نظام کو مزید مضبوط اور مؤثر بنانے کے لیے صوبائی کابینہ نے لیویز فورس کے پولیس میں انضمام کے بعد پورے صوبے کو باقاعدہ پولیس ایریا قرار دینے کی منظوری دے دی۔ کابینہ نے ایس پی نبیل احمد کو بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کا چیف آپریٹنگ آفیسر تعینات کرنے کی بھی منظوری دی، جبکہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی سفارشات کے مطابق پیرول بورڈ کی تشکیل کی منظوری بھی دے دی گئی کابینہ نے ضلع حب کے ماربل سٹی کے مقام پر نئے پولیس اسٹیشن کے قیام کی منظوری بھی دی تاکہ صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کے تحفظ اور قانون نافذ کرنے کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جاسکے اجلاس میں صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بہتر منصوبہ بندی اور مؤثر عملدرآمد کے لیے بلوچستان پلاننگ مینوئل کی منظوری دی گئی۔ اسی طرح بچوں کے حقوق اور تحفظ کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بلوچستان چائلڈ پروٹیکشن رولز 2026 کی منظوری بھی دی گئی، جسے اس شعبے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا صوبائی کابینہ نے بلوچستان کیڈٹ کالجز ترمیمی ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی، جبکہ محکمہ پراسیکیوشن کی سفارشات کی روشنی میں پراسیکیوٹر جنرل کی کنٹریکٹ مدت ملازمت میں مزید دو سال کی توسیع کی منظوری بھی دی گئی سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، مسابقت اور مؤثر مالی نظم ونسق کو فروغ دینے کے لیے بلوچستان ہائبرڈ پروکیورمنٹ پالیسی 2026 کی منظوری دی گئی، جبکہ کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ کے سروس لیول ایگریمنٹ کی بھی منظوری دے دی گئی تاکہ منصوبے پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جاسکے ترقیاتی شعبے میں کابینہ نے ہرنائی۔ سبی روڈ کے فنانسنگ پروپوزل کی منظوری دی، جبکہ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے گریڈ 1 تا 21 کے سروس رولز 2024 کی بھی منظوری دی گئی جبکہ محکمہ ریونیو کی سفارشات پر ضلع نصیر آباد میں نئی تحصیل وسب ڈویژن کی منظوری بھی دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی کابینہ کے فیصلوں کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، گڈ گورننس کا فروغ، امن وامان کی مزید بہتری، ترقیاتی عمل میں تیزی اور صوبے میں مؤثر انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی فلاح وبہبود کے ایجنڈے پر پوری سنجیدگی سے عمل پیرا ہے اور کابینہ کے تمام فیصلوں پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 21

مطابق ایئر فورس ون میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ کوئی مجھے یہ نہیں بتا سکتا کہ ہمیں کیا فروخت کرنا چاہیے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ترکیے ہمارا عظیم ساتھی رہا ہے، ترک صدر اردوان نے شام میں بہت اچھا کام کیا ہے، ترکیے اسرائیل اور اسرائیلی وزیراعظم کو پسند نہیں کرتا لیکن ترکیے عظیم اور طاقتور ملک ہے، ان کے پاس بہت بڑی طاقتور فوج اور عسکری قوت موجود ہے اور ترکیے ہمارا شاندار اتحادی ہے۔ خیال رہے کہ رواں ماہ ہی ترکیے میں ہونے والے نیٹو سربراہی اجلاس میں اس کے موقع پر بھی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ ہم ترکیے پر عائد پابندیاں ختم کر رہے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ وہ ترکیے کو دوبارہ ایف 35 طیارے فروخت کرنے کے معاملے پر غور کریں گے۔ دوسری جانب اسرائیل ترکیے کو ایف 35 طیارے دینے کے حوالے سے بارہا اعتراض کرچکا ہے۔ گزشتہ دنوں ایک بیان میں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا تھا کہ اردوان حکومت اسرائیل کیخلاف سخت موقف رکھتی ہے، ان جدید طیاروں کی فراہمی سے طاقت کا توازن متاثر ہوسکتا ہے۔ یاد رہے کہ 2019 میں اپنے پہلے صدارتی دور کے دوران ٹرمپ انتظامیہ نے روس سے ایس 400 فضائی دفاعی نظام خریدنے پر اعتراض کرتے ہوئے ترکیے کو ایف 35 پروگرام سے خارج کر دیا تھا۔

بقیہ 22

جائے، پاور سیکٹر کے ساتھ تعاون سے غیر رسمی معاشی سرگرمیوں اور ٹیکس چوری میں ملوث افراد و کاروباروں کا تعین کرکے انکے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، حکومت نے ٹیکس کے حوالے سے برآمدی اور مقامی شعبے کو جس قدر ممکن ہوا سہولت فراہم کی اور آئندہ کیلئے بھی کرتی رہے گی، ٹیکسٹائل، مشروبات، اسٹیل، پولٹری، خوردنی تیل اور گھی، اور ٹائرز کے شعبوں میں پیداوار کی ڈیجیٹل نگرانی کا نظام دسمبر تک فعال بنایا جائے، ایف بی آر میں تقرریاں اور تبادلے صرف میرٹ کی بنیاد پر کیے جائیں گے۔ بدھ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر اصلاحات پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس ہوا جس میں محصولات میں اضافے اور ادارہ جاتی اصلاحات پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ مختلف شعبوں میں ٹیکس کی استعداد کے تخمینے کیلئے ایک جامع و سائنٹفک طریقہ کار وضع کرکے پیش کیا جائے۔ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ پاور سیکٹر کے ساتھ تعاون سے غیر رسمی معاشی سرگرمیوں اور ٹیکس چوری میں ملوث افراد و کاروباروں کا تعین کرکے انکے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ چینی کے پیداواری شعبے اور ایف بی آر کے اعداد وشمار میں ہم آہنگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے نصب شدہ ٹریکنگ نظام فعال اور بہتر کارکردگی دکھا رہا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس ضمن میں چیئرمین ایف بی آر اور انکی ٹیم کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، ٹیکس نظام میں رہتے ہوئے تمام تر ضابطوں کی پابندی کرنے اور ٹیکس جمع کروانے والے افراد و کاروبار ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ اور لائق تحسین ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت نے ٹیکس کے حوالے سے برآمدی اور مقامی شعبے کو جس قدر ممکن ہوا سہولت فراہم کی اور آئندہ کیلئے بھی کرتی رہے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ چیئرمین ایف بی آر اور سینئر افسران ہر ماہ کے پہلے ہفتے کراچی میں موجود ہوں تاکہ کاروباری برادری کے مسائل بروقت سنے اور حل کیے جا سکیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ٹیکسٹائل، مشروبات، اسٹیل، پولٹری، خوردنی تیل اور گھی، اور ٹائرز کے شعبوں میں پیداوار کی ڈیجیٹل نگرانی کا نظام دسمبر تک فعال بنایا جائے۔ ایف بی آر میں تقرریاں اور تبادلے صرف میرٹ کی بنیاد پر کیے جائیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ایف بی آر میں افسران کی جانچ کا نیا نظام لائق تحسین ہے، میرٹ اور شفافیت اولین ترجیح رہے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اچھی کارکردگی دکھانے والے افسران کی فہرست مرتب کی جائے تاکہ یوم آزادی پر انہیں ایوارڈز سے سراہا جا سکے۔ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز میں کسی بھی بے ضابطگی کی نشاندہی اور تدارک کیلئے فوری تھرڈ پارٹی آڈٹ اور ویلیڈیشن کرائی جائے۔ وزیر اعظم کو ایف بی آر کی جانب سے پیداواری شعبے کیلئے ٹریکنگ نظام کی تنصیب، ایف بی آر میں افرادی قوت کے حوالے سے نافذ کی گئیں اصلاحات اور آپریشنل استعداد کار بڑھانے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبے میں ٹریکنگ سسٹم مکمل طور پر فعال جبکہ مزید 5 شعبوں میں نفاذ حتمی مراحل میں ہے جس کی ٹیکس استعداد 7 سو ارب روپے سے زیادہ ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 9 پیداواری شعبوں میں ٹریکنگ نظام وضع کرنے اور اسکے نفاذ کیلئے شعبوں کے ساتھ مل کر کام جاری ہے جس کی بدولت 560 ارب روپے کے ٹیکس کی استعداد کار سے فائدہ اٹھایا جاسکے گا۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ پیداواری شعبے میں بالواسطہ ٹیکس اکٹھا کرنے کیلئے ٹریکنگ نظام کے نفاذ کو رواں برس کے اختتام تک یقینی بنایا جائے۔ افرادی قوت کے حوالے اصلاحات پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ افسران کی بھرتی کے وقت انکی ٹریننگ ملک کی مایہ ناز یونیورسٹی سے کرائی جارہی ہے جس میں میرٹ اور اچھی کارکردگی کے اصولوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ حاضر افسران کی ٹریننگ بھی کروائی جارہی ہے۔ ٹریننگ ماڈیولز بین الاقوامی معیار اور پاکستان کے ٹیکس نظام کی ضروریات سے ہم آہنگ ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پیئر ریویو اور جانچ کے نظام کے نفاذ کے بعد کسٹمز اور ان لینڈ ریونیو میں اہم پوسٹوں پر اچھی شہرت کے حامل افراد کی تعیناتی یقینی بنائی جارہی ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ایف بی آر میں ایسے افسران واہلکار جن کی کارکردگی بہتر ہے

بقیہ 23

ادارے نے معاملے سے باخبر 3 ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ ایران کو آئندہ چند ہفتوں کے دوران چین میں تیار کردہ کندھے پر رکھ کر فائر کیے جانے والے فضائی دفاعی میزائل نظام کی پہلی کھیپ موصول ہونے کی توقع ہے۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کے ساتھ جاری جنگ کے دوران ایران اپنے فضائی دفاع کو دوبارہ مضبوط بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس معاہدے کی مالیت 6 سے 7 کروڑ امریکی ڈالرز کے درمیان ہے اور اس میں 3 سے 4 سو QW-12 اور FN-16 مین پورٹیبل ایئر ڈیفنس سسٹمز شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے آغاز کے بعد ایران کی قلیل فاصلے کے فضائی دفاع کو مضبوط بنانے کی یہ اب تک کی سب سے بڑی معلوم کوششوں میں سے ایک ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ معاہدہ ہانگ کانگ میں قائم کمپنی ژونگ چنگ باشانگ انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے ساتھ طے پایا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مذکورہ کمپنی ایرانی فریق اور چینی سپلائر کے درمیان ثالث کا کردار ادا کر رہی تھی۔ دوسری جانب چین نے اس رپورٹ کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔

بقیہ 24

بنانے، اسکل ڈیویلپمنٹ کے ذریعے عوام کو روزگار فراہم کرنے اور لائیولی ہڈ کے فروغ کے لیے فوری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان میں نوجوانوں کو قابل روزگار بنانے کے لیے اسکل ڈیویلپمنٹ کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور بی ٹیوٹا کو ایک فعال، شفاف اور نتیجہ خیز ادارہ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے صوبے کے عوام کو ملکی اور عالمی سطح پر روزگار کے مواقع میسر ہوں گے جس سے صوبے کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بی ٹیوٹا کو مکمل طور پر فعال کرنے اور اس کے اندرونی نظم ونسق کو بہتر بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ادارے میں غیر حاضر ملازمین کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی گئی ہے تاکہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جاسکے۔ اس موقع پر ایم ڈی بی ٹیوٹا حمود الرحمٰن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تربیتی پروگرامز کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے نصاب، ٹرینرز اور بعد از تربیت فالو اپ میکانزم کو مضبوط کیا جائے گا۔ دوسرے صنعتی شعبوں کے ساتھ لنکیج بڑھانے کے ذریعے تربیت یافتہ افرادی قوت کو روزگار کے عملی مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ لائیولی ہڈ کے لیے چھوٹے کاروبار، ہنر مند افراد اور کمیونٹی پر مبنی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر سپورٹ کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریننگ میں جدید تقاضوں اور عالمی معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے نصاب اپ ڈیٹ کیا جائے گا کیونکہ دنیا بدل رہی ہے اور اداروں کو اس تبدیلی کے ساتھ چلنا ہوگا۔ لیبارٹری میں سامان اور سہولیات کو بہتر بنا کر تربیتی عمل کو زیادہ مؤثر اور جدید بنایا جائے گا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری لیبر صالح محمد ناصر نے بھی موجود تھے۔

بقیہ 25

نافذ کر دیا ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق 28 جولائی کو نوشکی ویسٹرن بائی پاس پر ایف سی چوکی پر حملے اور اس کے بعد سیکورٹی فورسز کے آپریشن کے باعث ضلع میں سیکورٹی صورتحال انتہائی حساس ہو گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے قانون نافذ کرنے والے اداروں، سرکاری تنصیبات اور قومی شاہراہ این-40 پر حملوں کے خطرات میں اضافہ ہوا ہے جبکہ انٹیلی جنس رپورٹس کے مطابق اگست کے دوران مزید حملوں کا خدشہ بھی موجود ہے۔ نوٹیفکیشن کے تحت کرفیو کے دوران عوامی نقل وحرکت، اجتماعات، جلوس اور غیر ضروری سفر پر پابندی ہوگی۔ کسی بھی شخص کو ضلعی انتظامیہ یا مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر گھر سے نکلنے یا ضلع میں نقل وحرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔ تاہم ڈپٹی کمشنر نوشکی، قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مشاورت کے بعد سرکاری ملازمین، ایمرجنسی طبی عملے، ریسکیو سروسز، یوٹیلیٹی سروسز اور عوامی مفاد میں ضروری قرار دیے جانے والے افراد کو استثنیٰ دے سکیں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 26

قرار پائے تھے، تاہم پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار میر نصیب اللہ مری نے ان کی کامیابی کے خلاف الیکشن ٹریبونل میں درخواست دائر کی تھی جس پر سماعت مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا گیا تھا۔

بقیہ 27

اندر حکومت کو ٹف ٹائم دیا جائے گا جبکہ آئندہ سیشن میں حکومتی اقدامات پر مشترکہ احتجاج بھی کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی کے بعد ایوان سے باہر اتحاد پر بات چیت بڑھانے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی سربراہی میں پی ٹی آئی وفد نے گزشتہ دنوں مولانا فضل الرحمان سے اہم ملاقات کی، ملاقات میں دونوں جماعتوں نے مل کر چلنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 28

کے لیے دیگر ممالک سے داغے گئے میزائلوں یا راکٹوں سے کسی بھی تعلق کی سختی سے تردید کرتا ہے۔ آئی آر آئی بی کے مطابق عہدیدار نے کہا کہ خطے میں امریکی مفادات کے خلاف ہونے والی کسی بھی کارروائی کو ایران سے منسوب کرنا ایک بڑی غلط فہمی ہے۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق ان کارروائیوں کو ایران سے منسوب کرنا خطے کی صورت حال سے آگاہی کے فقدان کا نتیجہ ہے۔ یہ بیان سعودی عرب کی وزارت دفاع کی جانب سے مشرقی صوبے میں تیل کی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے نئے ڈرون حملوں کی اطلاع دینے کے بعد سامنے آیا ہے، جن کا الزام سعودی حکام نے عراق میں موجود ایران نواز ملیشیاں پر عائد کیا ہے۔

بقیہ 29

، قرآن وسنت اور آپ ﷺ کے قول وفعل سے جڑا ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن نے جمعیت علمائے اسلام کے قدیم مرکز جامعہ عثمانیہ مریالی کا دورہ کیا، جہاں جامعہ کی مجلس شوری، اساتذہ اور طلبہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر مجلس شوری، اساتذہ اور طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام کا قیام ایک عظیم نظریے کی بنیاد پر عمل میں آیا، جس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی زمین پر قرآن وسنت کے مطابق اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے نظام کے نفاذ کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس جماعت کی بنیاد قرآن وسنت اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات پر رکھی گئی ہو، اس کے مقصد اور کاز کے لیے کام کرنا محض سیاسی سرگرمی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ایک خالص دینی اور ملی فریضہ ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام کے بانی اکابرین نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات کو سامنے رکھتے ہوئے اس جماعت کی بنیاد رکھی، اسی لیے جمعیت علمائے اسلام دیگر جماعتوں سے ممتاز حیثیت رکھتی ہے اور اس کا فکری وعملی تسلسل رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات سے وابستہ ہے۔ انہوں نے جامعہ عثمانیہ مریالی کی دینی، تعلیمی اور انتظامی ترقی کو سراہتے ہوئے اس کی مسلسل ترقی پر خوشی کا اظہار کیا۔ جامعہ کے مہتمم اور جمعیت علمائے اسلام کے جنرل سیکرٹری مولانا قاری محمد عمیر فاروقی نے مولانا فضل الرحمٰن کی جامعہ آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر مولانا فضل الرحمٰن نے جامعہ میں زیر تعمیر دارالحدیث کیلئے خصوصی دعا کرائی اور اساتذہ کرام سے ملاقات بھی کی۔ جامعہ کی مجلس شوری نے مولانا فضل الرحمٰن کی آمد کو ادارے کیلئے باعث اعزاز قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی رہنمائی سے جامعہ کی دینی وتعلیمی خدمات مزید فروغ پائیں گی۔

بقیہ 30

آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ضلع نوشکی میں بھی انٹیلی جنس کی بنیاد پر متعدد کارروائیاں کی گئیں، نوشکی میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ کارروائیوں میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، دہشت گردوں کے زیر استعمال اسلحہ، گولہ بارود، آئی ای ڈیز بھی برآمد کرلی گئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کسی بھی بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد کے خاتمے کے لیے آپریشنز جاری ہیں، جن کا مقصد دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ کرنا ہے۔

بقیہ 31

۔ ایف آئی اے کے مطابق غیر قانونی انٹرنیٹ ایکسچینجز کرٹیانوالہ اور سرائے عالمگیر میں کام کر رہی تھیں۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کیخلاف دو الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے تاکہ غیر قانونی نیٹ ورک کے دیگر سہولت کاروں اور رابطوں کا بھی پتہ چلایا جا سکے۔

بقیہ 32

جائے گی، سرکاری سکیم کا کوٹہ 60 فیصد جبکہ پرائیویٹ سکیم کا کوٹہ 40 فیصد ہوگا، وفاقی کابینہ کو میں رد وبدل کا اختیار ہوگا۔ بدھ کو وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا کے ہمراہ پریس کانفرنس میں حج پالیسی کا اعلان کیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ کی پہلی چار سالہ حج پالیسی 2027 تا 2030 قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ یہ صرف ایک پالیسی نہیں بلکہ حج انتظامات میں ایک بنیادی اور دیرپا اصلاحات کا آغاز ہے، جس کا مقصد عازمین حج کو زیادہ سے زیادہ سہولت، شفافیت، اعتماد اور معیاری خدمات فراہم کرنا ہے۔ یہ پالیسی وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دور اندیش قیادت، خصوصی رہنمائی اور ذاتی دلچسپی کا عملی مظہر ہے۔ وزیراعظم کی واضح ہدایات تھیں کہ حج کے پورے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جائے، شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور ہر مرحلے پر عازمین کی سہولت کو اولین ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس وژن کو ایک جامع، قابل عمل اور مستقبل پر مبنی پالیسی کی صورت میں قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اور نیشنل آئی ٹی بورڈ کی پوری ٹیم کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے وزارت مذہبی امور کے ساتھ قریبی تعاون کرتے ہوئے حج کے نظام کو جدید ڈیجیٹل بنیادوں پر استوار کرنے میں غیر معمولی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن سے لے کر مانیٹرنگ، شکایات کے ازالے اور بعد از حج جائزے تک ڈیجیٹل نظام کی تشکیل حکومت کے اس عزم کا مظہر ہے کہ عوام کو تیز، شفاف اور آسان خدمات فراہم کی جائیں۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ چار سالہ پالیسی نہ صرف آئندہ کئی برسوں کے لیے بہتر منصوبہ بندی کو ممکن بنائے گی بلکہ پاکستان کے حج انتظامات کو عالمی معیار سے ہم آہنگ کرتے ہوئے لاکھوں عازمین کے اعتماد کو مزید مضبوط کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار چار سالہ حج رجسٹریشن اور ویٹنگ لسٹ کا نظام متعارف کرایا جا رہا ہے، تاکہ عازمین اپنی سہولت کے مطابق پہلے سے حج کا سال منتخب کر سکیں۔ رہائش، ٹرانسپورٹ، کیٹرنگ، فضائی سفر اور سامان کی ترسیل کے لیے تین سے چار سال کے معاہدے کیے جا سکیں گے، جس سے سہولیات کا معیار بہتر اور اخراجات کم ہوں گے۔ حج کے تمام مراحل، رجسٹریشن سے لے کر شکایات کے ازالے اور بعد از حج جائزے تک مکمل طور پر ڈیجیٹل نظام کے تحت انجام دیے جائیں گے۔ سال 2027 سے 2030 تک سرکاری اور نجی اسکیم کا کوٹہ بالترتیب 60 اور 40 فیصد برقرار رکھا جائے گا، جب تک وفاقی کابینہ اس میں کوئی تبدیلی نہ کرے۔ حکومت بتدریج براہ راست حج انتظامات کرنے کے بجائے نگرانی، ریگولیشن اور معیار کو یقینی بنانے کا کردار ادا کرے گی، جبکہ نجی شعبے کی شمولیت میں اضافہ ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عازمین حج رجسٹریشن کے وقت اندازاً حج اخراجات کا 10 فیصد جمع کروا کر اپنی پسند کے سال کے لیے رجسٹر ہوسکیں گے۔ حج کے لیے انتخاب مکمل طور پر شفاف ڈیجیٹل ویٹنگ لسٹ کے ذریعے "پہلے آئیں، پہلے پائیں" کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ سرکاری حج سکیم کے تحت مختلف دورانیے کے متعدد حج پیکیج متعارف کرائے جائیں گے، تاکہ عازمین اپنی ضرورت اور سہولت کے مطابق انتخاب کر سکیں۔ تمام خریداری اور معاہدے پاکستان اور سعودی عرب میں سرکاری خریداری کے قواعد کے مطابق شفاف طریقے سے کیے جائیں گے۔ حج آپریشن مکمل ہونے کے بعد اگر جمع شدہ حج واجبات میں سے کچھ رقم بچے گی تو وہ عازمین حج کو واپس کردی جائے گی۔

بقیہ 33

بازی عمران اسلم خان کے مطابق سمندر میں گرنے والے طیارے فلائٹ 1732 کے بلیک باکس کے سگنلز 6 اگست کو خاموش ہونے کا خدشہ ہے، اس لیے سرچ آپریشن فوری طور پر گہرے سمندر تک منتقل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 30 روز مکمل ہونے کے بعد انڈر واٹر لوکیٹر بیکنز کے سگنلز بند ہوجائیں گے، جس کے نتیجے میں بلیک باکس اور ملبے کی تلاش انتہائی مشکل، مہنگی اور پیچیدہ مرحلے میں داخل ہوجائے گی۔ عمران اسلم خان کا کہنا ہے کہ موجودہ صورتحال میں سطح سمندر پر تلاش مؤثر ثابت نہیں ہو رہی، کیونکہ قوی امکان ہے کہ طیارے کا اصل ملبہ سمندر کی تہہ میں موجود ہو۔ انہوں نے کہا کہ اورماڑہ کے قریب تقریباً 3 ہزار میٹر گہرائی میں سونار سرچ پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ملبے تک جلد رسائی حاصل کی جا سکے۔ ماہر ہوا بازی کے مطابق 30 روز بعد بلیک باکس کے لوکیٹر بیکنز کے سگنلز بند ہو جائیں گے، جس کے بعد ملبے کی تلاش انتہائی دشوار ہو جائے گی، لہٰذا اورماڑہ کے قریب گہرے سمندر میں آپریشن ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرچ آپریشن میں ٹوڈ پنگر لوکیٹرز اور خودکار زیرآب گاڑیوں کے استعمال سے تلاش کے عمل کو مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔ طیارے کا بھاری ملبہ آخری ریڈار مقام کے قریب موجود ہونے کا امکان ہے، جبکہ سطح پر موجود ملبہ سمندری لہروں اور بہاؤ کے باعث لاکھوں مربع کلومیٹر کے رقبے میں پھیل چکا ہے، جس سے سرچ گرڈ غیر معمولی حد تک وسیع ہو گیا ہے۔ ماہر ہوابازی نے زور دیا کہ وقت ضائع کیے بغیر گہرے سمندر میں جدید سرچ آپریشن شروع کیا جائے تاکہ بلیک باکس کے سگنلز بند ہونے سے پہلے اہم شواہد تک پہنچا جا سکے۔ انہوں نے پاکستانی سرچ ٹیموں کی جانب سے حادثے کے بعد ابتدائی 12 گھنٹوں میں ملبہ تلاش کرنے کی کوششوں کو بھی قابل تحسین قرار دیا۔

بقیہ 34

منصب نے یقین دلایا کہ ایرانی جہاز پر حملہ غیر ارادی تھا، یوکرین کشیدگی نہیں چاہتا، ایران بھی کشیدگی نہیں چاہتا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں عباس عراقچی نے کہا کہ ایرانی مفادات پر حملہ ناقابل قبول ہے اور نقصانات کی تلافی ضروری ہے۔

بقیہ 35

اور پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے علاقے کی ناکہ بندی دہشت گردوں کی تلاش شروع پولیس کے مطابق کچھی کے علاقے مچھ کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ کہ گاڑی کو نقصان پہنچا تاہم اہلکار محفوظ رہے واقعے کی اطلاع پر پولیس اور ٹی ڈی کے حکام موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کا گھیراؤ کر کے سرچ اپریشن شروع کردی گئی۔

بقیہ 36

عمان، امریکا اور عالمی برادری نے مسترد کر دیا ہے۔ اپنے بیان میں امریکی حکام نے کہا کہ زیر بحث معاہدہ صرف ہم آہنگی کے لیے ہے، کوئی ٹیکس یا فیس شامل نہیں۔ قبل ازیں ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی کا کہنا تھا کہ عمان کو آبنائے ہرمز کی شراکتی نگرانی کی تجویز دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اپنے حصے کی طرف ہرمز میں بحری آمدورفت کا انتظام کرے، عمان ہرمز میں مخالف سمت کے ایک حصے کی نگرانی کرے۔

بقیہ 37

حکومت کے ساتھ 80 اور 20 فیصد اشتراک سے مکمل کرنے، تعمیر نو کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے، پارکو ریفائنری کے این او سی کی تجدید، گوادر میں ٹرائی اسٹیٹ گیس ٹرمینل کے قیام سمیت دیگر اہم منصوبوں کی منظوری دے دی ہے، بلوچستان میں دہشتگردوں کا قلعہ قمع کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، چاغی میں جلائے گئے باؤزر کے ڈرائیورز نے حکومتی کانوائے کے ایس او پی کی خلاف ورزی کی تھی، نیشنل پارٹی کے اپنے بیان میں خود صوبائی حکومت میں نہ آنے کی وضاحت کردی ہے، حکومت نے لیویز فورس بحال کرنے کی کسی قسم کی یقین دہانی نہیں کروائی۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں بلوچستان کابینہ کے اجلاس کے بعد صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی، وزیراعلیٰ کی مشیر مینہ مجید کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کابینہ کا اجلاس وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں 26 نکاتی ایجنڈا زیر غور آیا۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ اجلاس کے آغاز پر زیارت سمیت دہشتگردی کے واقعات میں سیکورٹی فورسز، سویلین شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی اور دہشتگردی کی بیخ کنی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لانے کا اعادہ کیا گیا۔ انہوں نے کابینہ کے فیصلوں سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ کابینہ نے ورکرز ویلفیئر بورڈ اسکالرشپ فیز III کے تحت 300 بچوں کی تعلیم کے لیے اسکالرشپ کی منظوری دے دی گئی ہے اس منصوبے کے تحت اب تک 781 بچے مستفید ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2021 میں شروع ہونے والے ساؤتھ بلوچستان پیکج کے تحت 7 مختلف منصوبوں کی سیکورٹی کے لیے 858 ملین روپے کے اجراء کی منظوری دی گئی ہے۔ کابینہ نے تعمیر نو کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیویز کے پولیس میں انضمام کے بعد بلوچستان کو اب پولیس کے زیر انتظام کردیا گیا ہے تاکہ صوبے بھر میں پولیسنگ کا یکساں نظام قائم ہو۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پی اینڈ ڈی نے پہلی بار اپنا پلاننگ مینوئل بنایا ہے جس کی کابینہ نے منظوری دے دی ہے اس عمل سے ترقیاتی عمل میں بہتری آئیگی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ نے 19 ارب روپے لاگت سے تعمیر ہونے والے سبی ہرنائی روڈ کو وفاق کے ساتھ مشترکہ طور پر مکمل کرنے کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت 15 ارب روپے سے زائد رقم وفاق جبکہ 3 ارب سے زائد صوبہ ادا کریگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کیڈٹ کالجز ایکٹ کے بورڈ میں ترمیم، گوادر ڈویلمنٹ اتھارٹی کے ایمپلائیز سروس رولز، بلوچستان چائلڈ پروٹیکشن رولز 2026، چائلڈ پروٹیکشن ہیلپ لائن کے قیام، کوئٹہ سیف سٹی منصوبے کے سروس ایگریمنٹ کی تجدید کی منظوری دے دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پارکو کوسٹل ریفائنری 1996 میں 1400 ایکڑ اراضی پر قائم کی گئی تاہم وہ منصوبے میں سرمایہ کاری سے قاصر رہے اب انہوں نے ایک بار پھر لیز کی تجدید کی درخواست کی ہے جس پر صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے اب مارکیٹ کی قیمت پر لینڈ چارجز کی ادائیگی، 2 سال میں سرمایہ کاری کر کے پیٹروکیمیکل انڈسٹری تعمیر کی جائیگی جس سے لوگوں کو روزگار فراہم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ترکمنستان کی سرمایہ کاری سے گوادر میں 14 ارب ڈالر کی لاگت سے ٹرائی اسٹیٹ گیس ٹرمینل کے قیام کے حوالے سے کابینہ نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس معاملے پر بلوچستان کے حقوق کا تحفظ کریں اس منصوبے سے گوادر، پنجگور، چاغی، واشک کو گیس کی فراہمی بھی کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کے دو علاقوں کلانچ اور نیو ٹاؤن کے افراد کو مالکانہ حقوق دینے کی منظوری دے دی گئی ہے جبکہ کندھ کوٹ اور منگوچر تحصیل اور سب ڈویژن کندھ کوٹ کے قیام کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ کابینہ نے میزئی اور مسیزئی کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے کی بھی منظوری دے دی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں میر ظہور بلیدی نے کہا کہ پارکو کو پابند کریں گے کہ وہ منصوبے پر کام کرے اور نئے نرخوں کے حساب سے زمین کی الاٹمنٹ کرے، انہوں نے کہا کہ امن وامان کی بنیاد بنا کر سرمایہ کاری کو نہیں روک سکتے ہم سرمایہ کاروں کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ورکرز ویلفیئر بورڈ کے سکالرشپ لینے والے بچوں کو امریکن بورڈنگ اسکول میں داخل کروایا گیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میں نے ایک پوڈ کاسٹ میں کہا تھا کہ پارلیمان میں ہمیشہ اکثریت کی بنیاد پر حکومت قائم کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے اس وقت نیشنل پارٹی صوبے کی 5 ویں نمبر کی جماعت ہے انہوں نے خود ہی اپنے بیان میں تردید کی ہے کہ وہ حکومت میں نہیں آنا چاہتے۔ ظہور بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں بیرونی عناصر جن کی سرپرستی را اور موساد کر رہی ہیں حالات خراب کرنے میں ملوث ہیں غیر معمولی حالات میں غیر معمولی اقدامات کرنے پڑتے ہیں حکومت عوام کا تحفظ اپنی اولین ذمہ داری سمجھتی ہے شعبان میں آپریشن کے کامیاب نتائج مرتب ہوئے ہیں جس کا کریڈٹ وزیراعلیٰ، وزیر داخلہ اور سیکورٹی فورسز کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین پر کسی متحرک دہشتگردی کو برداشت نہیں کریں گے اور ان کے نیٹ ورک کا قلعہ قمع کریں گے اس وقت تک دہشتگردی کے خلاف لڑیں گے جب تک اس کا خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ سیف سٹی کیمروں کو عوامی احتجاج کے دوران نقصان پہنچایا گیا تھا جنہیں 10 روز میں فعال کردیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ پٹیل روڈ دھماکے کی تحقیقات جاری ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ اس وقت 400 باوزر چاغی میں کانوائے کی صورت میں آنے کے لیے کھڑے ہیں جن باوزر کو جلایا گیا وہ حکومتی ایس او پی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ازخود آرہے تھے۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے مزید کہا کہ حکومت نے زیارت دھرنا کمیٹی کو لیویز دوبارہ بحال کرنے کی کسی قسم کی یقین دہانی نہیں کروائی تھی بلکہ انہیں کہا تھا کہ ان کی جماعتیں پارلیمان میں موجود ہیں وہ وہاں اس مسئلے کو اجاگر کریں۔

بقیہ 38

پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ آپ نہیں فارم 47 کا نشہ بول رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیامت 2024 میں آگئی تھی۔ 2024 میں خیرات کے مینڈیٹ بٹ رہے تھے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل مریم نواز نے اپنے ٹویٹ میں پیپلز پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے سوال کیا تھا کہ قیامت کتنے بجے ہے؟۔ ایکس پر اپنے بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ پیپلز پارٹی جو دھاندلی کی باریک واردات کی ماسٹر ہے، دھاندلی کا رونا رو رہی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ قیامت کتنے بجے ہے؟ اس سے قبل اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا تھا کہ آپ کے پاس کارکردگی ہوتی، گورننس ہوتی، عوام کے لیے ایجنڈا ہوتا تو دوسروں پر حملوں میں وقت ضائع نہ کرتے۔

بقیہ 39

ہوئے کہا ہے کہ ہماری حکومت پالیسیوں کے تسلسل، ریگولیٹری سہولت اور ہر ممکن حکومتی تعاون فراہم کرے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی امریکی اعلیٰ سطحی کاروباری وفد سے اہم ترین ملاقات ہوئی جس میں امریکی سرمایہ کار، کاروباری شخصیات، اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل کے نمائندے شریک ہوئے۔ اجلاس میں صوبائی وزراء، چیف سیکریٹری، میئر کراچی، سندھ حکومت کے سرمایہ کاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اداروں کے نمائندے شریک ہوئے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ توانائی، ٹیکنالوجی، انفرا اسٹرکچر، سیاحت، صحت اور زراعت میں سرمایہ کاری کے بڑے مواقع موجود ہیں۔ سندھ حکومت سرمایہ کاروں کو شفاف، مستحکم اور کاروبار دوست ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سندھ پاکستان کی معیشت میں تقریباً 25 فیصد حصہ ڈالتا ہے، سندھ علاقائی اور عالمی منڈیوں تک رسائی کا قدرتی گیٹ وے ہے۔ معاون خصوصی قاسم نوید نے سندھ کی معاشی صلاحیت اور سرمایہ کاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی جس میں بتایا گیا کہ سندھ حکومت ریگولیٹری اصلاحات اور ڈیجیٹل گورننس کے ذریعے کاروبار میں آسانیاں پیدا کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ تھر کے کوئلے، ونڈ اور سولر توانائی کے وسیع وسائل سندھ کی بڑی معاشی طاقت ہیں، کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سندھ کو عالمی تجارت کا اہم مرکز بناتے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کیٹی بندر انٹیگریٹڈ انڈسٹریل اینڈ میری ٹائم حب منصوبے پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ انٹرنیشنل فنانشل سینٹر اور گرین انرجی ڈیٹا سینٹرز سرمایہ کاروں کے لیے نئے مواقع ہیں۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ میں AI انفرا اسٹرکچر، صنعتی زونز، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ اور ڈی سیلینیشن منصوبے متعارف کرائے جا رہے ہیں۔ صحت، ٹیکنالوجی، مینوفیکچرنگ اور ڈیجیٹل فنانس میں سرمایہ کاری کے روشن مواقع موجود ہیں، سندھ حکومت منصوبوں کی تیاری، منظوری اور عملدرآمد میں سرمایہ کاروں کو مکمل سہولت دے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ کا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل ایشیا کے کامیاب ترین ماڈلز میں شامل ہے۔ تھرکول، شاہراہ بھٹو، این ای ڈی ٹیکنالوجی پارک اور دیگر منصوبے سندھ کے کامیاب پی پی پی ماڈلز ہیں۔ سندھ حکومت اربوں ڈالر کے نئے سرمایہ کاری منصوبے نجی شعبے کے لیے پیش کر رہی ہے۔ دھابیجی اسپیشل اکنامک زون، صنعتی پارکس اور آبی زراعت میں سرمایہ کاری کے مواقع امریکی وفد کو پیش کیے گئے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے سمندری خوراک کی برآمدات، گرین ڈیجیٹل انفرا اسٹرکچر اور سیاحتی منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ امریکی کاروباری وفد نے سندھ حکومت کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں کو سراہا اور قابل تجدید توانائی، اے آئی، ڈیٹا سینٹرز، فن ٹیک اور ہیلتھ سیکٹر میں دلچسپی ظاہر کی۔ سندھ کی اسٹریٹجک لوکیشن، وسیع مارکیٹ اور صنعتی انفرا اسٹرکچر سرمایہ کاروں کی توجہ کا مرکز بن گئے۔ امریکی وفد نے سندھ کے پی پی پی فریم ورک اور پالیسیوں کے تسلسل کو سرمایہ کاری کے لیے مثبت قرار دیا جبکہ مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری پر مزید مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ وفد کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت اور امریکی سرمایہ کار قابل عمل منصوبوں کی نشاندہی کے لیے قریبی رابطہ رکھیں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سرمایہ کاری کے نئے منصوبے روزگار، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور معاشی ترقی میں معاون ثابت ہوں گے

بقیہ 40

ڈویژن کے حوالے سے نوٹیفکیشن معطل کیے جانے کی خبروں کی تردید کردی۔ رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ ناصر خان یوسفزئی کے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق 29 جولائی کو آئینی درخواست نمبر 2026/1062 کی سماعت کے دوران فریقین کو آئندہ سماعت کے لیے نوٹسز جاری کرنے کے احکامات صادر کیے گئے ہیں جبکہ سوشل میڈیا پر قلات ڈویژن کے نوٹیفکیشن نمبر 297-A-13/6173-98 محررہ 8 جولائی 2026 کو معطل کرنے کے حوالے سے خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے جسکی تردید کی جاتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کیس کی اگلی سماعت 6 اگست کو مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ 41

لے کر شہید بینظیر بھٹو تک ہم نے ہر فورم پر کشمیر کے مقدمے کو عالمی سطح پر اجاگر کیا اور دنیا کو یہ پیغام دیا کہ کشمیر کا فیصلہ کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے، اسی طرح پاکستان کے اندر بھی تین نسلوں سے ہم مزدور، کسان، محنت کش اور پسماندہ طبقات کی آواز بنے ہیں، پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور ہمیشہ عوام رہے ہیں، جمہوریت کا استحکام، انسانی حقوق کا تحفظ اور عوامی حقوق کا حصول ہماری جماعت کا تاریخی ورثہ اور شناخت ہے۔ آج بھی جب کشمیر کے عوام مشکلات کا شکار ہیں، جب ان سے ان کے بنیادی حقوق چھینے جا رہے ہیں، تو پاکستان پیپلز پارٹی ہی وہ جماعت ہے جو ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی نمائندگی کر رہی ہے، انشااللہ 2 اگست کو عوامی مینڈیٹ تیر کے نشان پر مہر لگائے گا، یہ کامیابی صرف ایک سیاسی فتح نہیں ہوگی بلکہ یہ عوام کی جیت، جمہوریت کی جیت اور کشمیر کے عوام کے حقوق کی جیت ہوگی۔ مظفرآباد میں مشتر منیر اعوان کی رہائش گاہ پر پارٹی کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین کی پوری سیاسی تاریخ ہی دھاندلی، سازشوں اور جھوٹے الزامات پر کھڑی ہے۔ یہ کبھی بھی عوام کے حقیقی ووٹ اور مینڈیٹ سے اقتدار میں نہیں آئے۔ جب بھی یہ وزیراعظم یا وزیراعلیٰ کے منصب پر فائز ہوئے تو اس کی وجہ عوامی اعتماد، عوامی خدمت یا کارکردگی نہیں تھی بلکہ منظم دھاندلی، انتخابی نتائج میں ہیرا پھیری اور سازش تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے برعکس پاکستان پیپلز پارٹی نے جب بھی اقتدار سنبھالا تو وہ عوام کی طویل جدوجہد، قربانیوں اور ووٹ کی طاقت کے ذریعے سنبھالا ہمیں اقتدار کبھی تحفے میں پلیٹ میں پیش نہیں کیا گیا۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے مینڈیٹ کا احترام کیا اور اقتدار کو عوامی خدمت کے لیے استعمال کیا، جبکہ ہمارے مخالفین نے اقتدار کو ذاتی مفادات اور دھاندلی کے نظام کو مضبوط کرنے کے لیے استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ کی نسل در نسل دھاندلی کی پیداوار ہیں، انہیں یہ غلط فہمی ہے کہ جس طرح وہ ماضی میں ووٹ چوری کر کے اقتدار میں آتے رہے ہیں، اسی طرح آزاد کشمیر میں بھی انہیں دھاندلی کی کھلی چھوٹ مل جائے گی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ کشمیر کے عوام کسی دباؤ میں آنے والے نہیں ہیں۔ کشمیری عوام کی تاریخ ہی بہادری اور مزاحمت کی ہے۔ انہوں نے ہر دور میں ظلم کے خلاف آواز بلند کی ہے اور اپنے حقوق کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ یہ نہ کسی کے سامنے جھکتے ہیں اور نہ ہی کسی کی دھمکیوں سے ڈرتے ہیں۔ کشمیر کے عوام اپنے ووٹ کی قدر جانتے ہیں، وہ جانتے ہیں کہ ووٹ ان کی امانت ہے اور وہ کسی کو بھی اس امانت پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ 2 اگست کو کشمیر کے عوام اپنے ووٹ سے یہ پیغام دیں گے کہ کشمیر کا فیصلہ صرف کشمیر کے عوام کر سکتے ہیں، کوئی بیرونی طاقت یا دھاندلی کا نظام نہیں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین کی پوری تاریخ دھاندلی، سازشوں اور غیر جمہوری ہتھکنڈوں سے عبارت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ان کی جماعت کا قائد پہلی بار پنجاب کا وزیراعلیٰ بنا تو وہ عوام کے مینڈیٹ سے نہیں بلکہ آئی جے آئی کے قیام اور منظم دھاندلی کی پیداوار تھا۔ جب وہ پہلی بار ملک کے وزیراعظم بنے تو یہ بھی عوامی حمایت کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ اصغر خان کیس کے انکشافات نے ثابت کیا کہ کس طرح اس نے انتخابی نتائج کو خریدا تھا۔ جب وہ تیسری بار وزیراعظم بنے تو وہ بھی شفاف الیکشن سے نہیں بلکہ آر او الیکشن اور راتوں رات نتائج تبدیل کرنے کی وجہ سے بنے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آج بھی اگر کوئی وزیراعظم یا وزیراعلیٰ کے عہدے پر فائز ہے تو اس کی وجہ عوامی کارکردگی، عوامی خدمت یا عوام کا ووٹ نہیں ہے۔ آج کا اقتدار بھی فارم 47 کی پیداوار ہے، عوام نے تو انکو ووٹ ہی نہیں دیا۔ جو لوگ نسل در نسل دھاندلی کرتے آئے ہیں، جو ہر الیکشن میں عوامی مینڈیٹ چوری کرنے کے ماہر ہیں، وہ کس منہ سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ دھاندلی نہیں کرتے؟ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے جب بھی اقتدار سنبھالا تو وہ قربانیوں اور عوام کی ووٹ کی طاقت سے سنبھالا۔ ہم نے ہمیشہ دھاندلی کے خلاف جدوجہد کی ہے اور آئندہ بھی کشمیر سمیت ملک کے ہر کونے میں عوام کے ووٹ کا دفاع کریں گے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میرپور میں منصوبہ بند دھاندلی کے ذریعے غلط نتائج جاری کیے گئے اور اب انکی کوشش ہے کہ مظفرآباد میں بھی سیاسی دباؤ ڈال کر دھاندلی کے ذریعے ووٹ حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے اور عوام کو ان کے جمہوری حق سے محروم کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کی حکومت عوام کے پاس اپنی کارکردگی لے کر نہیں آئی۔ عوام ان سے نفرت کرتے ہیں اور انہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔ عوامی مسائل پر بات کرنے کے بجائے یہ لوگ طاقت اور دباؤ کے ذریعے راستہ نکالنا چاہتے ہیں۔ اس لیے یہ لوگ آپ سے ووٹ کی درخواست نہیں کر رہے بلکہ آپ کے حق پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور آپ کے مینڈیٹ کو چھیننا چاہتے ہیں۔ یہ وہی پرانی سوچ ہے جو ہمیشہ ووٹ کی عزت کے بجائے ووٹ چوری پر یقین رکھتی ہے۔ ن لیگ کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ انہیں بتانا چاہتے ہیں کہ یہ مظفرآباد ہے، یہ سرگودھا نہیں ہے۔ یہاں کے عوام باشعور اور غیرت مند ہیں اور اپنے فیصلے خود کرنا جانتے ہیں۔ انشاءاللہ مظفرآباد کے عوام اپنی سیاسی بصیرت، حوصلے اور اتحاد سے ان کی دھاندلی کی سازش کو ناکام بنادیں گے اور اپنے ووٹ سے یہ ثابت کردیں گے کہ کشمیر کا فیصلہ صرف کشمیر کی عوام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کیا کوئی اس تلخ حقیقت سے انکار کر سکتا ہے کہ جاوید بڈھانوی کی سیٹ پر ہمارے کارکن کو شہید کر کے ان کی جیت کو سازش کے ذریعے شکست میں تبدیل کیا گیا؟ یہ وہ واقعہ ہے جس نے پوری قوم کے سامنے ثابت کردیا کہ جب یہ لوگ ووٹ سے ہار جاتے ہیں تو پھر طاقت اور دہشت سے جیت چھیننے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کی عوام چوہدری یاسین کو جانتی ہے۔ وہ پیپلز پارٹی کے نظریاتی اور دلیر رہنما ہیں۔ پچھلے الیکشن بھی انہوں نے کشمیر میں دونشستوں سے میرے کہنے پر الیکشن تھا۔ اس وقت وفاق میں عمران خان کی حکومت تھی اور پورا ریاستی نظام ہمارے خلاف استعمال ہو رہا تھا، ہر طرف دباؤ تھا، رکاوٹیں تھیں۔ اس کے باوجود چوہدری یاسین نے ہمت نہیں ہاری۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اس مشکل دور میں بھی چوہدری یاسین نے دونوں سیٹیں نکالیں۔ جب انہوں نے عوام کا مینڈیٹ حاصل کیا تو گولیاں چلائی گئیں۔ ان کے بیٹوں کو جیلوں میں بند کیا گیا۔ انہیں اور ان کے خاندان کو ہر طرح سے ڈرانے دھمکانے کی کوشش کی گئی۔

TENDER NOTICE

The shiekh Mohammad bin Zayed Al-Nahyan Institute of Cardiology invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526061108011 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Cleaning & Jenitorial Supplies (Total Item(s) Count: 29)	100,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 4,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Any defective, damaged, expired, substandard, or non-conforming items identified during inspection or use shall be replaced by the supplier within the stipulated period at their own cost. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of amount 100,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 13 August, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 13 August, 2026till 10:15 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:15 AM Address: Sheikh Mohammad Bin Zayed Al-Nayhan Institute of Cardiology Kach mor Quetta Phone no: 0812882290
Email: procsmbzan@gmail.com

Manager
shiekh Mohammad bin Zayed
Al-Nahyan Institute of
Cardiology

DAB/AB No.107/29-7-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے ایشین بینک کا وفد ملاقات کر رہا ہے

منصوبے کی پائیداری اور معیار پر خصوصی توجہ دینا ناگزیر ہے، بشیر احمد

عوامی مفاد کے منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا معیار میں کمی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد نے ایس ڈی او بی اینڈ آر سجاد علی عمرانی کے ہمراہ ضلع بھر میں جاری ترقیاتی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2پر)

شہداء کے خون کا ہر قیمت پر حساب لیا جائے گا، ایاز احمد بلوچ

دہشت گرد عناصر کی بزدلانہ کارروائیاں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں

بارکھان (خ ن): ڈی آئی جی کوہِ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ نے شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید افسر نے امن (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بی ٹیوٹا کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرمایہ کاری ہی پاکستان کی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے

احسن اقبال

احسن اقبال سے مولانا ہدایت الرحمٰن سے ملاقات، گوادر کی ہمہ جہت ترقی، مقامی آبادی کی خوشحالی اور خطے کی پائیدار ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

گوادر کی ترقی کے ہر منصوبے میں مقامی آبادی کی شمولیت، فلاح و بہبود اور معاشی بہتری کو مرکزی حیثیت دی جانی چاہیے، رکن صوبائی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال سے مولانا ہدایت الرحمٰن نے ملاقات کی جس میں گوادر کی ہمہ جہت ترقی، مقامی آبادی کی خوشحالی اور خطے کی پائیدار ترقی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2پر)

چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر کی مسٹر لی یونگ سے ملاقات

چین دوستی کو مزید مستحکم بنانے سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی/گوادر (خ ن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر ماجد جوہر نے چیف افسر مکتوم موسیٰ کے ہمراہ عوامی جمہوریہ چین کے قونصل خانے کراچی کے اقتصادی وتجارتی شعبے کے کمرشل کونسلر مسٹر لی یونگ (YongLi) سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر کی پائیدار ترقی، عوامی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، گھر میں فائرنگ سے حاملہ خاتون جاں بحق ساتھ سالہ بیٹا زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے ایئر پورٹ روڈ کی نجی ہاؤسنگ اسکیم کے گھر میں فائرنگ سے حاملہ خاتون جاں بحق جبکہ اس کا سات سالہ بیٹا زخمی ہوگیا، پولیس نے خاتون کے قتل کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2پر)

گنداواہ میں نامعلوم مسلح افراد دکان سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

جھل مگسی (این این آئی) گنداواہ میں نامعلوم مسلح افراد دکان سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو گنداواہ شہر میں نامعلوم مسلح افراد نریش کمار نا گدیو کی دکان میں داخل ہوئے اور اسلحہ کے زور پر نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء چھین کر فرار ہوگئے

کراچی، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کو جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

گوادر، پنجاب سے تعلق رکھنے والے 12 یرغمالی بحفاظت بازیاب، 3 ملزمان گرفتار

متاثرہ افراد کو روزگار کا جھانسہ دے کر پنجاب سے گوادر بلایا گیا، ابتدائی تفتیش

کوئٹہ (پ ر) گوادر سٹی پولیس نے کارروائی کے دوران پنجاب سے تعلق رکھنے والے 12 یرغمالی افراد کو بحفاظت بازیاب کرلیا جبکہ تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2پر)

متنازعہ جیکب آباد سم نالے پر کشیدگی شدت اختیار کرگئی، مدثر ظفر کھوسہ

طاقت کے زور پر بلوچستان کے اضلاع کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

جعفرآباد (خ ن) سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیرآباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے کہا ہے کہ متنازعہ جیکب آباد سم نالے پر کشیدگی شدت اختیار کر گئی، سندھ اریگیشن (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2پر)

امن وامان کی صورتحال کو مستحکم بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، بابر یوسفزئی

عوام کے تعاون کے بغیر پائیدار امن کا خواب مکمل نہیں ہوسکتا، اس لیے شہری قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون جاری رکھیں

حکومت کی مربوط حکمتِ عملی اور سیکیورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ کاوشوں کے نتیجے میں امن وامان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ داخلہ بلوچستان کے معاون بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور حکومتِ بلوچستان کی مؤثر پالیسیوں کی بدولت صوبے میں امن وامان کی صورتحال کو مزید مستحکم بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2پر)

بارکھان میں زلزلہ کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) ضلع بارکھان کے علاقے میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق بدھ کو رکھنی کے قریب 4 شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ زلزلے کی گہرائی 37 کلومیٹر تھی جبکہ اس کا مرکز رکھنی سے 5 کلومیٹر جنوب مغرب میں واقع تھا

ڈیرہ مراد جمالی وگردونواح میں قیامت خیز گرمی اور دم گھٹنے سے ایک شہری جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی وگردونواح میں قیامت خیز گرمی اور دم گھٹنے سے ایک شہری جاں بحق درجنوں افراد بے ہوش، بجلی کی طویل ترین بندش نے شہریوں کی زندگی کو اذیت ناک بنا دیا گیا۔ ڈیرہ مراد جمالی تمبو میرواہ خان کوٹ اوستہ محمد گنداخہ ڈیرہ اللہ یار صحبت پور جھل مگسی نوتال چھتر وڈ دیگر علاقوں میں قیامت (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2پر)

اسسٹنٹ کمشنر سیوی کی زیر صدارت ماہانہ جائزہ اجلاس

طبی سہولیات کی فراہمی، کارکردگی، جوابدہی اور رپورٹنگ نظام کو مزید مؤثر بنانے کا تفصیلی جائزہ لیا

سیوی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سیوی منصور علی شاہ کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی ڈسٹرکٹ آفس میں ماہانہ جائزہ اجلاس (MRM) منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم اینڈ ای آفیسر لالہ صمد خان عثمانی، ڈاکٹر ذیشان بشیر (ADHO)، محمد آصف مجک (پاپولیشن آفیسر) اور ضلع بھر کے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2پر)

ماہیگیروں کے جائز مطالبات اعلیٰ حکام تک پہنچائے جائیں گے، عبدالہادی لانگو

محکمہ فشریز بلوچستان ماہیگیروں کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، پارلیمانی سیکرٹری برائے فشریز حاجی برکت رند، سیکریٹری فشریز طارق قمر، ڈی جی فشریز عتیق اللہ، ڈائریکٹر فشریز حب لسبیلہ ظہور شاہ کی ہدایت پر ساحلی علاقے ڈام بندر میں ماہیگیروں کو اسپیڈ بوٹس (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2پر)

سندھ اور بلوچستان کی سرحدی علاقوں میں نئی چیک پوسٹیں تعمیر کرنے کا فیصلہ

بین الصوبائی سرحد کی سیکورٹی کے حوالے سے حب میں اجلاس

دونوں صوبوں کو ملانے والی سڑکوں اور دیگر راستوں پر سندھ اور بلوچستان پولیس کی مشترکہ گشت کے حوالے سے بھی غور کیا گیا

دونوں صوبوں کے پولیس افسران کا مستقبل میں بھی جرائم کے خاتمے کے لئے باہمی رابطوں کو مزید بہتر کرنے کا عزم

حب (این این آئی) سندھ اور بلوچستان کی بین الصوبائی سرحد کی سیکورٹی کے حوالے سے حب میں اہم اجلاس، سرحدی علاقوں میں نئی چیک پوسٹیں تعمیر کرنے کا فیصلہ۔ بدھ کے روز لیڈا ہال حب میں سندھ اور بلوچستان کے اعلیٰ پولیس آفیسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سندھ بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں دہشتگردوں، اسمگلروں اور غیر قانونی تارکین وطن کی نقل وحرکت روکنے پر تبادلہ خیال کیا گیا یہ سندھ پولیس اور بلوچستان پولیس کی مشترکہ حکمت عملی کے حوالے سے پہلی باضابطہ بڑی بیٹھک تھی جس میں سندھ اور بلوچستان پولیس کے اعلی افسران شریک تھے اجلاس (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2پر)

جامعہ تربت کے سٹی کیمپس میں امیدواروں کے لئے اورینٹیشن سیشن کا انعقاد

نوجوانوں کو فری لانسنگ اور جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے مشترکہ کوششوں کا عزم

تربت (پ ر) یونیورسٹی آف تربت کے سٹی کیمپس میں پیشہ ورانہ اور ڈیجیٹل اسکلز شارٹ کورسز کے امیدواروں کے لیے ایک پروقار اورینٹیشن سیشن منعقد کیا گیا۔ یہ شارٹ کورسز حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے مالی تعاون سے تربت یونیورسٹی کے سٹی کیمپس (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی ملک عادل خان بازئی، عبدالرحیم زیارتوال، اصغر خان اچکزئی، مولانا عبدالقادر لونی، آغا حسن بلوچ اور دیگر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس اور سانحہ زیارت کے شہداء کے لواحقین کے مشترکہ اجلاس میں شریک ہیں

حلقہ انتخاب اور عوام کی خدمت کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھتے ہیں، نور محمد دمڑ

عوام کے ہر قسم کے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہیں گے

حلقے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منیجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے اپنے دفتر میں حلقہ انتخاب کے دور دراز علاقوں سے آنے والے عوامی وفود اور سائلین سے ملاقات کی اور ان کے مسائل ومشکلات تفصیل سے سنے اس موقع پر (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2پر)

جعفرآباد پولیس نے سکھ برادری سے ڈکیتی کے واقعے کا معمہ حل کرلیا، 4 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (یو این اے) ڈسٹرکٹ پولیس جعفرآباد نے سکھ برادری سے ہونے والی ڈکیتی کی واردات کا سراغ لگاتے ہوئے ڈکیتی میں ملوث چار مبینہ ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے، جبکہ ان کے قبضے سے لوٹی گئی نقد رقم، مسروقہ موبائل فون، بیٹریاں اور غیر قانونی اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں سے دو جیکب آباد اور لاڑکانہ پولیس کو بھی متعدد جرائم میں مطلوب تھے

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں شدید گرمی کی لہر برقرار، سبی اور تربت میں درجہ حرارت 45 ڈگری تک پہنچ گیا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، جبکہ صوبے کے وسطی اور جنوبی اضلاع میں شدید گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔ جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق صوبے کے مختلف شہروں میں ریکارڈ کیا گیا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کچھ یوں رہا کہ سبی اور تربت میں پارہ 45 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

صحبت پور، متنازع کینال کی تعمیر پر پولیس کا ایکشن، ہیوی مشینری قبضے میں لے لی گئی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور متنازع کینال صحبت پور پولیس بھی کود پڑی۔ ایس پی صحبت خلیل اللہ کاکڑ نے دو ایکسویٹر قبضے میں لئے ایک پولیس تھانہ ملک محمد علی شہید کے حوالے ایک پولیس تھانہ صحبت پور کے حوالے کیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ جیکب آباد کی طرف سے حیر دین ڈرینج میں نہر ڈالنے کا حکومت بلوچستان کے روکنے کے باوجود کام جاری تھا کسی کے حکم پر پولیس درمیان میں کود پڑی ایس پی صحبت پور خلیل اللہ کاکڑ نے کاروائی کرتے ہوئے ہیوی مشینری دو ایکسویٹر قبضے میں لے لیا ڈرائیور سمیت ایک پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کے حوالے کیا ایک پولیس تھانہ صحبت پور کے حوالے کیا۔ بلوچستان حکومت کی بغیر اجازت کے کینال کا کام جاری تھا۔

حب کی ترقی کے لئے پیپلز پارٹی کی پوری قیادت ہمہ تن گوش ہے، گل حسن محمد حسنی

جدید اور ماڈل حب کی تعمیر کے لئے ماسٹر پلان کے تحت کام کر رہے ہیں، وفد سے ملاقات میں گفتگو

حب/کراچی (پ ر) سوسائٹی فار ہیومن رائٹس اینڈ انوائرنمنٹ پروٹیکشن (SHEP) کے صدر محمد سعید کی قیادت میں ایک وفد نے سوک سینٹر حب میں میئر حب میونسپل کارپوریشن گل حسن محمد حسنی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں نائب صدر میر حسن بروہی، ممبران (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2پر)

بی ایف اے نے 14 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کردیا

ایک غیر رجسٹرڈ واٹر پیوریفکیشن پلانٹ سیل جبکہ 53 اصلاحی نوٹسز جاری کردیئے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے خوراک کے بہتر معیار کو یقینی بنانے کے لیے کوئٹہ، دالبندین، پنجگور، ڈیرہ اللہ یار، خضدار، پشین، حب اور سبی میں کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 14 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے، ایک غیر رجسٹرڈ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2پر)

ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان

مجموعی طور پر 2 ہزار 316 امیدوار شریک، ایک ہزار 371 امیدوار کامیاب قرار پائے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (ڈی اے ای) سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر ضیاء الحق کاکڑ نے نتائج کا باضابطہ اعلان کیا۔ نتائج کے مطابق (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ایف بی آر سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہشتگردی انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

وطن کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر افسران اور اہلکار قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں

کوئٹہ (پ ر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بارکھان میں دہشتگردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بزدلانہ حملہ نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں بلکہ پوری قوم پر حملہ ہے۔ وطن کی خاطر جان کا (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2پر)

جمعیت ضلع کوئٹہ کے یکم اگست سے تنظیمی دورے شروع کرنے کا اعلان

تنظیمی دوروں کا بنیادی مقصد کارکنان کے ساتھ رابطے کو مستحکم بنانا ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ یکم اگست سے تحصیلوں اور یونٹوں کے شروع ہونے والے تنظیمی دورے ضلع کوئٹہ کے ضلعی نظم ونسق (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2پر)

7 اگست کا احتجاج عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کیلئے ہے: قدسیہ ناموس

حکومت عوام پر مزید ٹیکسوں، ڈیوٹیز اور لیویز کا بوجھ ڈالنے کے بجائے اپنے غیر ضروری اخراجات میں کمی کرے

کوئٹہ (پ ر) 7 اگست کا احتجاج عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کیلئے ہے، پیٹرولیم مصنوعات پر بھاری ٹیکسوں، مہنگائی کی مجموعی صورتحال، ظالمانہ آئی پی پیز معاہدوں، لوڈشیڈنگ اور غیر منصفانہ معاشی پالیسیوں کے خلاف لاکھوں افراد پرامن مظاہرے کریں گے، (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2پر)

کراچی: سندھ فوڈ ایوارڈز 2026 کے موقع پر سندھ کی معروف فوڈ چین اللہ راضی بریانی کو "بہترین وائٹ پلاؤ ان سندھ" کا ایوارڈ پیش کیا جارہا ہے

مون سون بارشیں، ڈپٹی کمشنر صحبت پور کی زیر صدارت اجلاس

متعلقہ محکموں کے سربراہان اور غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے نمائندوں نے شرکت کی

صحبت پور (خ ن) مون سون کے ممکنہ اثرات اور ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں کے سربراہان اور غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے نمائندوں نے شرکت کی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر اُستا محمد کی زیر صدارت اہم اجلاس

5 اگست یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی نکالی جائے گی، محمد رمضان پلال

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت آج ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری، محکمہ تعلیم کے عبدالحمید مینگل، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کیا جلاس میں 5 اگست یوم استحصالِ کشمیر اور 14 اگست یومِ آزادی پاکستان کو شایانِ شان طریقے سے منانے کے حوالے سے تفصیلی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2پر)

صوبائی دارالحکومت کو دانستہ طور پر مسائل کا شکار بنایا جا رہا ہے

پشتونخوا میپ

پشتونخوا میپ ضلع کوئٹہ کا اجلاس، بدامنی، لوڈشیڈنگ اور عوامی مسائل پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنا دیا

عوامی رابطہ مہم اور تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ، اگست میں کانفرنسز مکمل کرنے پر زور

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر اور ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس میں صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان اور صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ سمیت دیگر رہنماں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے تنظیمی وسیاسی امور کا جائزہ لیا گیا، جبکہ ضلع ایگزیکٹیوز کی انفرادی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2پر)

پولیس کی کارروائیاں، 107 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں اسلحہ و منشیات برآمد

گرفتار ملزمان کے قبضے سے 83 ریوالور و پسٹل، 7 کلاشنکوف، 9 شارٹ گن/رائفل، 550 گولیاں اور کارتوس جبکہ 57 میگزین برآمد

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلاتعطل کارروائیاں جاری رہیں گی، ترجمان بلوچستان پولیس

کوئٹہ (خ ن) ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق صوبے بھر میں اشتہاری، مجرموں ملزمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران گزشتہ تین ہفتوں میں 107 ملزمان کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کر لئے گئے ہیں۔ ترجمان بلوچستان (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2پر)

عامر جاوید کے والد کی وفات پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی جنرل سیکرٹری وحید کاسی، صوبائی صدر عبدالمجید زہری، صوبائی نشر و اشاعت عامر شیخ، صوبائی نائب صدر محمد اعظم جدون، اور آفس سیکرٹری شہباز حسین کھوکھر نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اقلیتی ونگ کے نائب صدر عامر جاوید کے والد محترم کی وفات کی خبر سن کر انتہائی دکھ اور صدمہ ہوا۔ اس مشکل گھڑی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ بلوچستان آپ کے اور آپ کے تمام سوگوار خاندان کے ساتھ دل کی گہرائیوں سے تعزیت کا اظہار کرتی ہے

صحبت پور اور کچھی کے علاقوں میں مختلف قبائلی تصادم فائرنگ کے واقعات چھ افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور اور کچھی کے علاقوں میں مختلف قبائلی تصادم فائرنگ کے واقعات چھ افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق صحبت پور کے قریب ارڈی 298 اور ارڈی 309 کے علاقوں میں دو قبائل کے درمیان فائرنگ سے ایک راہ گیر محمد رفیق سمیت تین افراد زخمی ہوگئے جن کو صحبت پور ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ کچھی کے علاقے بالا ناڑی کے گوٹھ مصری خان میں گرانی قبیلے کے دو گروپ کے درمیان شدید فائرنگ کا سلسلہ کئی گھنٹوں تک جاری رہا جس (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2پر)

شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی نمازِ جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئی

بارکھان (خ ن) بارکھان میں شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی نمازِ جنازہ عیدگاہ بارکھان میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی۔ نمازِ جنازہ میں ڈی آئی جی کوہِ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ، ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ، ونگ کمانڈنٹ ایف سی بارکھان کرنل یونس خان، ایس پی بارکھان عبدالحق، پولیس و ایف سی کے افسران، اہلکاروں، قبائلی عمائدین، معززین علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر فضا انتہائی سوگوار رہی

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈرگراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

کراچی، خواجہ سراء حقوق کے حصول کیلئے پریس کلب کے باہر مظاہرہ کر رہے ہیں

سرمایہ کاری کے فروغ سے صوبے کی معیشت مستحکم ہوگی، بلال خان کاکڑ

حکومت بلوچستان کو سرمایہ کاروں کے لیے ایک پرکشش اور محفوظ سرمایہ کاری کی منزل بنانے کے لیے پرعزم ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور سرمایہ کاری دوست پالیسیوں کی بدولت صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اپنے دفتر میں مقامی کاروباری شخصیات کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2پر)

بلوچ عوام کی مایوسی میں اضافہ ہو رہا ہے، میر رحیم جتک

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے، اس کا حل بھی سیاسی مذاکرات میں ہی مضمر ہے، رہنما بی این پی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قبائلی شخصیت میر عبدالرحیم جتک نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ بنیادی طور پر ایک سیاسی مسئلہ ہے جس کا پائیدار حل صرف اور صرف سیاسی مذاکرات، باہمی اعتماد اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لینے سے ہی ممکن ہے۔ غیر سنجیدہ اور وقتی اقدامات سے نہ صرف (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2پر)

اسسٹنٹ کمشنر قلات کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

حاجی عبدالغفار لہڑی سمیت تمام محکموں کے سربراہان علاقہ معززین سیاسی سماجی رہنماؤں کی شرکت

قلات (خ ن) حکومت بلوچستان کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر قلات اسد سمالانی کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں تحصیلدار قلات حاجی عبدالغفار لہڑی سمیت تمام محکموں کے سربراہان علاقہ معززین سیاسی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، متروکہ وقف املاک لیز پر لینے والے حاجی شمس اللہ، حاجی احمد دین، حاجی احمد، حاجی نعمت اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں